★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | جمعرات 3 ذیقعد 1446ھ، یکم مئی 2025ء، 18 بیساکھ 2082 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 176

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

پاکستان ڈیجیٹل اسٹارٹ اپس کیلئے موزوں ترین مارکیٹ ہے

شہباز شریف

دنیا بھر سے ایک ہزار سے زائد جدید ٹیکنالوجی کے سرمایہ کار اور پالیسی سازوں کا پاکستان میں آنا پاکستان کے اثر و رسوخ کی علامت ہے، ڈیجیٹل تعاون تنظیم کی سیکریٹری جنرل دیمہ یحییٰ اور آئی ٹی سرمایہ کاروں سے ملاقاتوں کے دوران گفتگو

ڈیجیٹل تبدیلی اب کوئی معمولی رجحان نہیں بلکہ ایک ایسا انقلاب ہے جو معیشتوں کو نئی شکل دے رہا ہے۔ حکومت عالمی سطح پر وقوع پذیر ہونے والی ڈیجیٹل تبدیلی کے ساتھ پاکستان کو ہم آہنگ کرنے کے لیے ہر ممکن اقدام کر رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ 24 کروڑ لوگوں پر مشتمل پاکستانی معیشت ڈیجیٹل اسٹارٹ اپس اور بیرونی سرمایہ کاری کے لیے خطے کی موزوں ترین مارکیٹ ہے۔ ڈیجیٹل تعاون تنظیم کی سیکریٹری جنرل دیمہ یحییٰ اور آئی ٹی سرمایہ کاروں سے ملاقاتوں کے دوران گفتگو میں وزیراعظم نے کہا کہ دنیا بھر سے ایک ہزار سے زائد جدید ٹیکنالوجی کے سرمایہ کار اور پالیسی سازوں کا پاکستان میں جمع ہونا، خطے میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



لاہور: وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں

وزیراعظم آفس میں پاکستان اور کینیڈا کے درمیان ملاقات، تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ پر زور

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے تجارت رانا احسان افضل خان نے کینیڈین ہائی کمیشن کے کاؤنسلر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

روس کا پاک بھارت بڑھتی کشیدگی پر اہم بیان سامنے آگیا

پاکستان اور بھارت پر اختلافات کو مذاکرات کے ذریعے پرامن طریقے سے حل کرنے پر زور

ماسکو (این این آئی) روس کی جانب سے مقبوضہ کشمیر میں پہلگام حملے کے بعد پاکستان اور بھارت کے درمیان بڑھتی کشیدگی پر ردعمل سامنے آگیا اور روس نے پاکستان اور بھارت پر تحمل سے کام لینے اور اختلافات کو مذاکرات کے ذریعے پرامن طریقے سے حل کرنے پر زور دیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

اسٹرکچرل ریفارمز پر عمل کیا جائے تو یہ آئی ایم ایف کا آخری پروگرام ہوگا، وزیر خزانہ

8/9 سال میں معیشت کو اتار چڑھا کا سامنا رہا، کوئی وجہ ہے کہ آئی ایم ایف کے 28 ویں پروگرام میں ہیں، 8 سے 9 فیصد ٹیکس پر معاملات نہیں چل سکتے: محمد اورنگزیب

زرمبادلہ ذخائر کو 14 ارب ڈالر تک بڑھانے کی کوششیں جاری ہیں، قرضوں کا تناسب 75 فیصد سے کم ہو کر 65 فیصد ہو گیا ہے، ایف پی سی سی آئی میں خطاب

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان میں معاشی استحکام کے آثار نمایاں ہو رہے ہیں، اور مالیاتی اشاریے بہتری کی طرف گامزن ہیں، اسٹرکچرل ریفارمز پر عمل کیا گیا تو یہ آئی ایم ایف کے ساتھ پاکستان کا آخری پروگرام ہوگا، 8 سے 9 فیصد ٹیکس پر معاملات نہیں چل سکتے، ٹیکس سے ہر اسمنٹ کا عنصر نکلنا چاہیے، اسٹرکچرل ریفارمز ملک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

لاہور کو دنیا کے محفوظ ترین شہروں میں شامل کرنا عالمی سطح پر بڑی کامیابی ہے، عظمیٰ بخاری

لاہور میں جرائم میں پچاس فیصد کمی آئی، ڈکیتی اور قتل میں چون فیصد کمی آئی، یہ سرکاری نہیں عالمی ادارے کی رپورٹ ہے: ڈی جی پی آر لاہور میں پریس کانفرنس

وزیراعلیٰ پنجاب نے لاہور پولیس کو شاباشی بھی دی ہے، 7 لاکھ فوج کی سکیورٹی میں دہشتگردوں کا حملہ مودی کیلئے ڈوب مرنے کا مقام ہے، وزیراطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ عالمی ادارے کا لاہور کو دنیا کے محفوظ ترین شہر میں شامل کرنا عالمی سطح پر بڑی کامیابی ہے، لاہور میں جرائم میں پچاس فیصد کمی آئی ہے، ڈکیتی اور قتل میں چون فیصد کمی آئی ہے، یہ سرکاری نہیں عالمی ادارے کی رپورٹ ہے، 7 لاکھ فوج کی سکیورٹی میں دہشت گردوں کا حملہ مودی کے لیے ڈوب مرنے کا مقام ہے۔ ان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک فوج کا ایل او سی پر بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب

پہلگام فالس فلیگ کے بعد بھارت کی جانب سے مسلسل جارحانہ اقدامات کیے جا رہے ہیں، بھارت کی جانب سے لائن آف کنٹرول کے کیانی اور منڈل سیکٹرز میں بلا اشتعال فائرنگ کی گئی: ذرائع

بھارت کی جانب سے بلا اشتعال فائرنگ میں چھوٹے ہتھیاروں کا استعمال کیا گیا، پاک فوج نے بھارتی فوج کو منہ توڑ جواب دیا، پاکستان کی مسلح افواج کی جانب سے موثر جواب سے دشمن کو خاموش کرایا گیا

وزیراعظم سے انفارمیشن ٹیکنالوجی شعبے کے معروف سرمایہ کاروں کی ملاقات

شہباز شریف نے آنے والے مندوبین کو جاری ریگولیٹری اصلاحات بارے آگاہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے 29-30 اپریل کو منعقد ہونے والے پاکستان کے پہلے "ڈیجیٹل فارن ڈائریکٹ انویسٹمنٹ فورم 2025" میں شرکت کرنے والی معروف انفارمیشن ٹیکنالوجی کمپنیوں کے اعلیٰ عہدیداران نے وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی۔ تمام معزز سرمایہ کاروں اور کاروباری رہنماؤں کا خیر مقدم کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

بارڈر پر ٹینشن سے ڈرنا نہیں، ہر چیز کا بہادری سے مقابلہ کرنا ہے

مریم نواز

لاہور ڈویژن کے 14 ہزار بچوں کو لیپ ٹاپ دیئے جا رہے ہیں، لیپ ٹاپ اور سکالرشپس پروگرام میں بچیوں کا حصہ زیادہ رکھا گیا ہے، تقریب سے خطاب

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا کہ بارڈر پر ٹینشن سے ڈرنا نہیں، ہر چیز کا بہادری سے مقابلہ کرنا ہے۔ صوبائی دارالحکومت میں ہونہار سکالرشپ اور لیپ ٹاپ تقسیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز کا کہنا تھا کہ لاہور ڈویژن کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز "مریم نواز شریف راشن کارڈ" کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

ترکیے کے اعلیٰ سطحی وفد کا پاک فضائیہ کے ہیڈکوارٹرز کا دورہ، ایئر چیف سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) چیف آف انٹیلی جنس، ترک جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل یاسر قادی اوغلو کی قیادت میں ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

محسن نقوی کی جناح سکوائر مری روڈ انڈر پاس منصوبے کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت

رات گئے جناح سکوائر مری روڈ انڈر پاس منصوبے کا دورہ، شاہین چوک مارگلہ روڈ کا بھی معائنہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے جناح سکوائر مری روڈ انڈر پاس منصوبے کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کر دی۔ وفاقی وزیر داخلہ نے رات گئے جناح سکوائر مری روڈ انڈر پاس منصوبے کا دورہ کیا، انہوں نے شاہین چوک مارگلہ روڈ اور فیض آباد انٹرچینج کا بھی معائنہ کیا، محسن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)



اسلام آباد: ڈپٹی وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار تقریب کے دوران خطاب کر رہے ہیں

توقع ہے برطانیہ پاکستان ہائی کمیشن کی سکیورٹی کو یقینی بنائے گا، پاکستانی ہائی کمشنر

لندن (این این آئی) لندن میں پاکستانی ہائی کمشنر ڈاکٹر محمد فیصل کا کہنا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

بھارتی حکومت پاکستانیوں کے ویزا معاملے پر مذہبی تفریق پر اتر آئی

نئی دہلی (این این آئی) پہلگام واقعے کے بعد مودی سرکار پاکستانیوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

پاک فضائیہ کا خوف، بھارتی رافیل طیارے بوکھلا کر واپس فرار

بھارتی ایئر فورس کے 4 رافیل طیاروں کی بھارتی حدود میں مقبوضہ جموں کشمیر میں پیٹرولنگ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ایئر فورس کے خوف کا شکار بھارتی رافیل طیارے بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر واپس فرار ہونے پر مجبور ہو گئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق 29 اور 30 اپریل کی شب بھارتی ایئر فورس کے چار رافیل طیاروں نے بھارتی جغرافیائی حدود میں رہتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

امریکا، پاکستانی سفارتخانہ میں تقریب، ڈیانا میک کو تمغہ خدمت سے نوازا گیا

میک کارتھر نے گلگت بلتستان میں جدید سہولتوں سے آراستہ اسکول بنایا، پاکستانی سفیر

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں تعینات سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ کا کہنا ہے کہ ڈیانا میک کارتھر کی گراں قدر خدمات کے اعتراف میں امریکا میں تقریب منعقد کی گئی۔ سفیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)



اسلام آباد: بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن روبینہ خالد وفاقی وزیر سید عمران احمد شاہ سے ملاقات کر رہی ہیں

ماحولیاتی تبدیلی کے خلاف متحرک کرنا وقت کی اہم ضرورت، شیری رحمٰن

تبدیلی ممکن ہے، نوجوان پائیدار حل لا سکتے ہیں، اس پیغام کو فوری طور پر عام کرنا ہوگا، نائب صدر پیپلز پارٹی کا تقریب سے خطاب

ماحولیاتی تبدیلی پاکستان کے لیے بقاء کا مسئلہ بن چکی ہے، خوراک، پانی اور شمالی علاقوں میں گلیشیئرز کے پگھلنے جیسے مسائل شدید تر ہو رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ نوجوان آبادی پاکستان کا 65 فیصد ہے جنہیں ماحولیاتی تبدیلی کے خلاف متحرک کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے پروگریسو کلائمیٹ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام یوتھ کلائمیٹ سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان آبادی پاکستان کا 65 فیصد ہے، جنہیں ماحولیاتی تبدیلی کے خلاف متحرک کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نائب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں شدید مندی، 1474 پوائنٹس کی کمی

100 انڈیکس ایک ہزار 474 پوائنٹس کی کمی سے 1 لاکھ 13 ہزار 397 پر آ گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں آج کاروبار کے آغاز پر شدید مندی کا رجحان ہے۔ بازار حصص کا 100 انڈیکس ایک ہزار 474 پوائنٹس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



اسلام آباد: وزیراعظم کے معاون خصوصی ہارون اختر میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

غزہ سے یرغمالیوں کی واپسی ہماری ترجیح رہے گی، اسرائیلی وزیراعظم

غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی میں جنگ ختم کرنے کے لیے مذاکرات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

سعودی عرب، بین الاقوامی عدالت انصاف میں اسرائیلی جنگ کی مذمت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے بین الاقوامی عدالت انصاف میں غزہ میں جاری اسرائیلی جنگ کی مذمت کی ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

غزہ مذاکرات، قیدیوں کو جلد رہا کیا جائے گا، تین محفوظ راہداریاں قائم ہوں گی

غزہ (این این آئی) ایک اسرائیلی عہدیدار نے غزہ کی پٹی میں جنگ بندی تک پہنچنے کے لیے قاہرہ میں ہونے والے مذاکرات میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

ہارورڈ یونیورسٹی قوانین میں تبدیلی کا معاملہ، ٹرمپ انتظامیہ نے تحقیقات شروع کرا دیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کی ٹرمپ انتظامیہ نے کہا ہے کہ اس نے 'ہارورڈ یونیورسٹی' کے بارے میں ان تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے کہ آیا 'ہارورڈ یونیورسٹی' کے قانون کی تبدیلی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

نوجوان پاکستان کا روشن مستقبل ہیں: ملک احمد خان

قوم جانتی ہے لا الہ الا اللہ کی حرمت کیا ہے، ہر پاکستانی شہادت کے جذبے سے سرشار ہے

ملک میں جنگ کا شدید خطرہ ہے اور بھارت جنگی جنون پیدا کر رہا ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کالج آف ٹورزم اینڈ ہوٹل مینجمنٹ (COTHM) کے 26 ویں سالانہ کانووکیشن میں بطور مہمان خصوصی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نجی کالج میں کامیاب طلبہ میں اسناد تقسیم کر رہے ہے

اسٹیٹ بینک کی زری پالیسی کمیٹی کا اجلاس طلب، شرح سود میں کمی کا امکان

اجلاس کے بعد اسٹیٹ بینک تفصیلی زری پالیسی بیان بھی جاری کرے گا

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک کی زری پالیسی کمیٹی کا اجلاس پیر کے روز طلب کیا گیا ہے، جس میں شرح سود میں کمی کا امکان ہے۔ مرکزی بینک کی جانب سے جاری اعلان کے مطابق بینک دولت پاکستان کی زری پالیسی کمیٹی (ایم پی سی) کا اجلاس بروز پیر 5 مئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

محنت کش کسی بھی قوم کی ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہیں، یوسف رضا گیلانی

محنت کش قوم کے محسن ہیں ان کا وقار اور خوشحالی ہماری اجتماعی ترقی کی اساس ہے، مزدوروں کے یوم عالمی دن کے موقع خصوصی پیغام

مزدوروں کے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کا عزم ایک روشن خوشحال اور مضبوط پاکستان کی ضمانت ہے، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے قوم کے تمام محنت کشوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یکم مئی صرف ایک دن نہیں بلکہ عزم، قربانی اور انسانی عظمت کی وہ روشن علامت ہے جو ہمیں یہ درس دیتی ہے کہ ترقی یافتہ قومیں اپنے محنت کشوں کے احترام، ان کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کو اپنی اولین ترجیح بناتی ہیں۔ مزدوروں کے یوم عالمی دن کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں سید (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

جنوبی وزیرستان میں آئی ای ڈی دھماکا، بچہ جاں بحق، ایک زخمی

اعظم ورسک (این این آئی) جنوبی وزیرستان لوئر کے علاقے اعظم ورسک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

نیتن یاہو اور رونن بار کے درمیان تناؤ، اسرائیل رونن بار کی برطرفی سے پیچھے ہٹ گیا

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی حکومت نے کہا ہے کہ اس نے داخلی سلامتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم مزدور (آج) منایا جائیگا

فیصل آباد (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم مزدور (آج) (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

سرکاری سطح پر بچیوں کا علاج پاکستان میں ہی کروائیں گے، مصطفیٰ کمال

وزیر صحت کی بھارت سے بغیر علاج واپس آنیوالی 2 بچیوں کی مدد کیلئے کوششیں تیز

اسلام آباد (این این آئی) بھارت سے علاج کے بغیر واپس آنے والی 2 بچیوں کے معاملے پر وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے نوٹس لے لیا۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



لاہور: چیئرمین پنجاب بورڈ برائے سرمایہ کاری محمد منتہیٰ اشرف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کشمیر ہندوستان کا نہیں ہے، پہلگام بھارتی سازش ہے، کشمیری عوام

ہم کشمیر میں رہتے ہیں، کشمیر ہندوستان کا نہیں ہے، رکشہ ڈرائیور کی بے خوف گفتگو

سرینگر (این این آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام نے ہمیشہ بھارتی غاصبانہ قبضے کو رد کیا ہے اور وہ مختلف مواقع پر اپنی آزادی کی آواز بلند کرتے ہیں۔ حالیہ دنوں میں مقبوضہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

سپریم کورٹ نے لاء کلرکس کی آسامیوں کا اعلان کر دیا

لاء کلرکس کی آسامیوں کیلئے درخواستیں طلب، تقرری ایک سال کی مدت کیلئے کی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے لاء کلرکس کی آسامیوں کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



اسلام آباد، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

بھارتی سفارتی عملہ واہگہ کے راستے بھارت روانہ

لاہور (این این آئی) بھارتی جارحیت اور کشیدگی کے دوران تین بھارتی سفارتکاروں سمیت سفارتی عملہ کے 22 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

لاہور ہائیکورٹ، آلودگی کی روک تھام کیلئے رکشہ ساز کمپنیوں پر سخت شرائط عائد

اسموگ اور ماحولیاتی آلودگی تدارک کیس کی سماعت کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے اسموگ اور ماحولیاتی آلودگی کے تدارک سے متعلق کیس کی گزشتہ سماعت کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا ہے۔ جسٹس شاہد کریم کی جانب سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

چین ڈیل کرنا چاہتا ہے، ہم ڈیل کرنے جا رہے ہیں، ٹرمپ

ملکی تاریخ کے سب سے کامیاب 100 دن مکمل ہونے کا جشن منانے پر خوش ہوں، گفتگو

بیجنگ (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ چین ڈیل کرنا چاہتا ہے، ہم ڈیل کرنے جا رہے ہیں، یہ منصفانہ ڈیل ہوگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صدر ٹرمپ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

لاہور پولیس عادی اور جرائم پیشہ گداگروں کے خلاف سرگرم

سٹی ڈویژن 500، کینٹ 452، سول لائنز 263، اقبال ٹاؤن 225 اور ماڈل ٹاؤن میں 421 ملزمان گرفتار کئے گئے

بچوں اور عورتوں سے بھیک منگوانے والے پیشہ ور بھکاری کسی رعایت کے مستحق نہیں، کریک ڈاؤن جاری رہیگا: بلال صدیق کمیانہ

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس کی جانب سے عادی اور جرائم پیشہ گداگروں کے خلاف کریک ڈاؤن کے نتیجے میں رواں سال اب تک 2101 ملزمان کو گرفتار کر کے 2076 مقدمات کا اندراج کیا گیا ہے۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ گرفتار ملزمان میں 1989 مرد، 100 عورتیں اور 12 سہولت کار شامل ہیں۔ سٹی ڈویژن میں 500، کینٹ میں 452، سول لائنز میں 263، صدر میں 240، اقبال ٹاؤن میں 225 اور ماڈل ٹاؤن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



لاہور: اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان بھچر، رکن پنجاب اسمبلی فرح جاوید مون اور دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں



لاہور: وزیر صنعت و تجارت پنجاب چوہدری شافع حسین کا فارماسیوٹیکل سیکٹر سے وابستہ سرمایہ کاروں کیساتھ گروپ فوٹو

روزنامہ قوت لاہور
ہفت روزہ سہ ماہی میگزین



راوی روڈ سلنڈر سے دکان میں آتشزدگی کا سانحہ

ٹریفک اسسٹنٹ عثمان نے کمال بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے آگ میں جھلسے ہوئے لوگوں کی زندگی بچالی

لاہور (خبر نگار) راوی روڈ سلنڈر سے دکان میں آتشزدگی کا سانحہ ٹریفک پولیس کا بہترین اسسٹنٹ عثمان نے کمال بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے آگ میں جھلسے ہوئے لوگوں کی زندگی بچالی عثمان نے بتایا کہ میں ایل ٹی ڈیوٹی پر جارہا تھا کچھ میٹر پہلے ہی دیکھا کہ دھواں اور دکان میں آگ لگی ہوئی ہے راہگیروں میں بھگدڑ مچ گئی مگر عثمان نے بہادری کا مظاہرہ کیا اور اپنے بائیک بجھائے ہوئے دکان کے اندر جلتے لوگوں کو کھینچ کر دکان سے باہر نکالا 5 لوگوں کو ٹریفک اسسٹنٹ عثمان نے ایک گاڑی کو روک کر فوری طبی امداد کیلئے ہسپتال روانہ کیا۔ اسی اثنا میں دکان کی چھت گرنے کی اور چیخنے کی آوازیں آئیں،


ڈی سی سید موسیٰ رضا کا تحصیل واہگہ کا تفصیلی دورہ کر رہے ہیں

کلین لاہور مشن کی رفتار تیز: ڈپٹی کمشنر لاہور نے واہگہ میں صفائی آپریشن کا جائزہ لیا، اہم ہدایات جاری

ڈی سی سید موسیٰ رضا کا تحصیل واہگہ کا تفصیلی دورہ، گھر گھر کچرا اٹھانے اور نکاسی آب پر زور

جھگیوں اور مویشیوں کی رہائشی علاقوں سے منتقلی، کوڑا جلانے پر سخت ایکشن کی ہدایت

لاہور (خبر نگار) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے تحصیل واہگہ کا خصوصی دورہ کیا اور صفائی آپریشن کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس دورے کا مقصد زمینی حقائق کا مشاہدہ کرنا اور شہری علاقوں میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کو مزید موثر بنانا تھا۔ دورے کے دوران ان کے ہمراہ چیف آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور شاہد عباس کاظمی، اسسٹنٹ کمشنر واہگہ عامر بٹ اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

ڈپٹی کمشنر نے تحصیل انٹر پریس، گھنے سدھو پنڈ اور گردونواح کے علاقوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے ڈی سی لاہور کو تحصیل میں صفائی انتظامی اقدامات، بشمول رہائشی علاقوں سے جھگیوں کی منتقلی کے عمل اور شہری آبادی سے مویشیوں کے اخراج کے لیے جاری آپریشن کے بارے میں بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ لاہور کو تجاوزات سے پاک اور صاف ستھرا شہر بنانے کے لیے صفائی آپریشن تواتر سے جاری ہیں۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے متعلقہ افسران کو تحصیل واہگہ میں صفائی کی بہتری کے لیے فوری اقدامات کرنے کا حکم دیا۔ انہوں نے خاص طور پر ایل ڈبلیو ایم سی کے ورکرز کو پورے ضلع میں صفائی کے انتظامات کو مزید بہتر بنانے اور مسلسل سیوریج کے انتظامات کو بہتر بنانے اور تمام نالوں کی صفائی کو یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں سے صفائی کی اہمیت کے بارے میں شعور اجاگر کرنے کے لیے آگاہی مہم چلانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر لاہور کے دورے اور ہدایات کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ لاہور کے تمام علاقے صاف ستھرے رہیں اور شہریوں کو بہتر شہری سہولیات میسر آئیں۔ انتظامیہ ذرائع ابلاغ پنجاب کے وژن کے مطابق لاہور کو پاکستان کا سب سے صاف ستھرا اور خوبصورت شہر بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔



نماز ہوں کے اوقات



صبح صادق	4:00
فجر	4:50
ظہر	1:30
عصر	5:15
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809

سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25

میو ہسپتال لاہور
9921110-6

جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8

پی آئی سی لاہور
111-786-786

مجنوں والی میں نشے کی لت پوری ہونے پر افتار نامی شخص نے بیوی، بیٹی اور بیٹے کو چھریاں مار کر زخمی کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) مجنوں والی میں نشے کی لت پوری ہونے پر افتار نامی شخص نے بیوی، بیٹی اور بیٹے کو چھریاں مار کر زخمی کر دیا ورثا کے مطابق افتار نشے کا عادی ہے اور ایکسٹرا منٹل تشدد کرتا رہتا ہے۔ ملزم کو چھریاں مار کر زخمی کرنے کے بعد فرار ہو گیا واقعہ کی اطلاع ملنے پر پولیس نے متاثرہ خواتین کو طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کر دیا زخمیوں میں مرد بھی شامل ہیں، پولیس کا کہنا ہے کہ ڈاکٹروں کی جانب سے ماں اور بیٹے کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔

باغبانپورہ کے علاقے مسجد کے قاری نے 11 سالہ بچے کو اپنی ہوس کا نشانہ بنا ڈالا

لاہور (کرائم رپورٹر) باغبانپورہ کے علاقے مسجد کے قاری نے 11 سالہ بچے کو اپنی ہوس کا نشانہ بنا ڈالا، پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے اسے گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق باغبانپورہ کے علاقے میں واقعہ مسجد کے قاری ایان نے نماز کیلئے آنیوالے سبق پڑھنے جانے والے 11 سالہ حسنین کو بہلا پھسلا کر نشانہ بنایا، ڈیل کو ملزم ہونے پر مسجد انتظامیہ اور پولیس کو شکایت کی گئی اطلاع ملنے پر پولیس نے ابتدائی تفتیش کے بعد قاری کے خلاف مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، ایس پی کینٹ کا کہنا ہے کہ بچہ کے ہمراہ نماز پڑھنے کے لیے گیا تھا جو ملزم ایان اللہ نے بچے کو ورغلا پھسلا کر اس کو بہلی کا نشانہ بنایا تھا پولیس نے متاثرہ بچے کی والدہ کی مدعیت میں نامزد ملزم کو گرفتار کر لیا۔ فوری مقدمہ درج کر کے گرفتار کیا۔

چین میں نجی شعبے کو فروغ دینے کے لئے قانون منظور

کانگریس کی قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں نجی شعبے کے فروغ کا قانون منظور کیا گیا

بیجنگ (شہوا) چین کے قومی قانون ساز ادارے نے نجی شعبے کو فروغ دینے کے لئے ملک کے پہلے بنیادی قانون کی منظوری کے تحت ووٹ دیا جو دیرینہ دوسری سب سے بڑی معیشت کے ایک اہم حصے کی حمایت کرتا ہے۔ ایک سال سے زائد عرصے کی قانون سازی کے عمل کے بعد قومی عوامی کانگریس کی قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں نجی شعبے کے فروغ کا قانون منظور کیا گیا جو 20 مئی 2025 سے نافذ العمل ہوگا۔ 9 ابواب میں 78 شقوں پر مشتمل اس قانون میں معیشت مساوات، سرمایہ کاری اور فنانسنگ کے فروغ، سائنسی اور تکنیکی جدت، ضابطے کی رہنمائی، سروس معاونت، حقوق اور مفادات کے تحفظ

چین میں کام کی جگہ پر حفاظت کے جائزے اور معائنے کے لئے اقدامات کا آغاز

بیجنگ (شہوا) چین نے کام کی جگہ پر حفاظت کے جائزے اور معائنے کے معیاری بنانے کے لئے متعدد اقدامات کا اعلان کر دیا ہے۔ کیوشت پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی اور ریاستی کونسل کے عمومی دفاتر نے جاری کردہ ان اقدامات میں کہا گیا ہے کہ ریاستی کونسل کا ورک سیفٹی کمیشن کام کی جگہ پر حفاظت کے جائزے اور معائنہ کا کام کرے گا۔ کام کی جگہ پر حفاظت کا معائنہ بنیادی طور پر بات چیت اور تفتیش، عوامی شکایات کے ازالے، مقامات کے اعائنہ اور غیر اعلانیہ دوروں، اہم مواد کے جائزے، انٹرویوز، مشاورت اور ماہرانہ جانچ کی خدمات کے ذریعے کیا جائے گا۔

فاتر سے جاری کردہ ان اقدامات میں کہا گیا ہے کہ ریاستی کونسل کام کی جگہ پر حفاظت کے معائنہ کاروں کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے ایک ہم قدم اٹھائے ہوئے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو اپنے اپنے علاقوں میں ہسپتالوں کا باقاعدہ دورے کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اس اقدام کا مقصد صحت کے شعبے میں پائی جانے والی ممکنہ خامیوں کو دور کرنا اور مریضوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق، اسسٹنٹ کمشنرز میں یو نی ڈیز، ان ڈور ورارڈز اور ایمرجنسی سیکشنز میں صحت کی خدمات کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیں گے۔ انہیں خاص طور پر مریضوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ کرنے، ڈیوٹی کنٹرل کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق، اسسٹنٹ کمشنرز ہسپتالوں میں یو نی ڈیز، ان ڈور ورارڈز اور ایمرجنسی سیکشنز میں صحت کی خدمات کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیں گے۔ انہیں خاص طور پر مریضوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق، اسسٹنٹ کمشنرز ہسپتالوں میں یو نی ڈیز، ان ڈور ورارڈز اور ایمرجنسی سیکشنز میں صحت کی خدمات کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیں گے۔ انہیں خاص طور پر مریضوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق، اسسٹنٹ کمشنرز ہسپتالوں میں یو نی ڈیز، ان ڈور ورارڈز اور ایمرجنسی سیکشنز میں صحت کی خدمات کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیں گے۔ انہیں خاص طور پر مریضوں کو درپیش مشکلات کا خاتمہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔



لاہور: انعم احمد کی گورنمنٹ پنجاب یونائیٹڈ سکولز فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام اوپن کیمبرج ڈائریکٹر قدر اندازی تقریب کے موقع پر ایم ڈی منظم اقبال سپرد، الطاف بلوچ، ایم ڈیشان اور ڈائریکٹر سمیع پرنٹیے ہیں

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس میں پروموشن کا عمل بلاتعطل جاری

اس سلسلہ میں 07 سینئر سکیل سٹینو گرافرز کو پرائیویٹ سیکرٹری کے عہدے پر ترقی دے دی گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس میں پروموشن کا عمل بلاتعطل جاری ہے جس کے تسلسل میں 07 سینئر سکیل سٹینوگرافرز کو پرائیویٹ سیکرٹری کے عہدے پر ترقی دے دی گئی ہے ترقی پانے والوں میں ظہیر احمد، شبیر احمد ارشاد محمد، نعیم شفیق، نواز کسب علی، سلامت علی اور محمد آکرم شامل ہیں۔



گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 کھرڑیانوالہ میں منعقدہ تقریب کے موقع پر پوزیشن لینے والے خانہ بدوش بچوں کا نذیر بھٹی، مسز معدیہ گلشن حسن ودیگر کے ساتھ گروپ فوٹو

چوری نادرآباد پولیس نے 03 رکنی خطرناک یوسف پٹھان ڈکیت گینگ گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوری نادرآباد پولیس نے 03 رکنی خطرناک یوسف پٹھان ڈکیت گینگ گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق چوری نادرآباد پولیس نے ڈکیتی و ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ یوسف پٹھان، جمیل اور عدیل شاکر کو قرار گرفتار پستول اور کولیاں برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان سے برآمدہ موٹر سائیکل پولیس مختلف مقدمات میں مطلوب تھیں

کمشنر لاہور کی زیر صدارت ڈویژنل اجلاس میں پیرا سمیت مختلف محکموں کی 129 ترقیاتی سکیمیں منظوری کیلئے پیش کی گئیں

کمشنر لاہور نے پنجاب انفرسٹرکچر اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی، ایم سی ایل، واسا، لوکل گورنمنٹ روڈ سیکٹر کی پیش کردہ سکیموں کی منظوری دی

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن محمود کی زیر صدارت ترقیاتی سکیموں کی منظوری و جائزہ کی غرض سے ڈویژنل ڈویلپمنٹ ورکنگ سٹیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پنجاب انفرسٹرکچر اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی، ایم سی ایل کی 50 سکیموں، واٹر سپلائی کی 2 اور لوکل گورنمنٹ روڈ سیکٹر کی سکیموں کی منظوری دی۔ انہوں نے پرائمری سکول پیٹھل رشید چوہان، ایم ڈی واسا غفران احمد، سی ای او ایم سی ایل شاہد کاظمیا، ایکسین ایڈمنسٹریشن ڈویژن افسران نے شرکت کی۔

ایجنڈا کمشنر راے وٹڑا ہو کی عمارت کی تعمیر کی پیش کردہ سکیم کی منظوری دی جبکہ کیشل ایکسیشن بارکی مٹڑی شیخوپورہ کی عمارت کی تعمیر کی سکیم کی ایکسیشن ایڈمنسٹریشن ایوی سے مشروط کے منظوری دی گئی۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ کسی ترقیاتی سکیم میں پرانس ویری ایشن کی مکمل جانچ، سکیم کی معیار اور ڈیزائن و عالم لائنز کمطابق مکمل تاکزیر ہے۔ اجلاس میں ڈی جی پی ایکسیشن رفرخ عتیق، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ لاہور ڈویژن جاوید

لاہور میں لوٹ مار کا انوکھا واقعہ

بزرگ شہری دم درود کے نام پر 40 لاکھ کا سامان لوٹ کر لے گیا

لاہور (نمیش علی سے) لاہور کا رہائی کے علاقے تحقیق اسٹریٹ میں واقعہ پیش آیا جس میں جاوید فیض نامی بزرگ کو 40 لاکھ روپے کا چونا لگا کر سامان لوٹ کر فرار ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق وحدت کالونی کے علاقے تحقیق اسٹریٹ میں ایک بزرگ شہری

لاہور: معروف ٹک ٹاکر آئیت مریم کو اسکے شوہر نے گلہ دبا کر قتل کر دیا

پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال اور مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے بیوی کے قتل میں ملوث ملزم کو 24 گھنٹے میں گرفتار کر لیا

لاہور (رپنیش علی سے) لاہور میں معروف ٹک ٹاکر آئیت مریم کو اسکے شوہر نے گلہ دبا کر قتل کر دیا، پولیس نے ملزم کو 24 گھنٹوں میں گرفتار کر لیا، ملزم کا اقبالی جرم، ضامن پولیس کا کہنا ہے کہ آئیت کے گھر پہنچی جہاں اسے بارے معلوم ہوا، میں نے گھر کے اندر جائے دیکھا تو میری بہن بیڈ کے اوپر مردہ حالت میں پڑی تھی۔ متقول کی بہن نے پولیس کو بتایا کہ ملزم اسکا بہنوئی ہے، پولیس نے ملزم کو گرفتار کر لیا، ملزم کو

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) یکم مئی 2025ء

کمشنر گوجرانوالہ کا چلڈرن ہسپتال اور ڈی ایچ کیو ٹیچنگ سول ہسپتال کا دورہ

اس دوران انہوں نے مریضوں کو دی جانے والی سہولیات کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا اور ہسپتال میں ایمرجنسی سروسز اور مریضوں کی نگہداشت، علاج معالجے اور ادویات کی فراہمی کے امور کا بھی جائزہ لیا



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہیلتھ ریفارمز پروگرام کے تحت کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کا چلڈرن ہسپتال اور ڈی ایچ کیو ٹیچنگ سول ہسپتال کا دورہ، اس دوران انہوں نے مریضوں کو دی جانے والی سہولیات کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا اور ہسپتال میں ایمرجنسی سروسز اور مریضوں کی نگہداشت، علاج معالجے اور ادویات کی فراہمی کے امور کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال میں موجود سہولیات ،صفائی ستھرائی اور عملہ کی حاضری بھی چیک کی۔ اس موقع پر انہوں نے ایم ایس ڈاکٹر ارشاد اللہ گورائیہ اور ڈاکٹرز کی ٹیم کو خصوصی ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ وہ تمام سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں اور ان کا معیار ایسا ہو کہ مریض سرکاری ہسپتالوں سے علاج کروانے کو ترجیح دیں۔ انہوں نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں اور انکے تیمارداروں سے بھی بات چیت کی اور ان سے ہسپتال میں طبی سہولیات کی بابت استفسار کیا۔ انہوں نے تمام عملہ کو ہدایت کی کہ وقت کی پابندی کو لازم بنایا جائے اور طبی سہولیات کے حصول کے لئے آنے والے شہریوں کو درکار سروسز فراہم کی جائیں۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا تجاوزات آپریشن کی جائزہ کے لیے صمد پورہ کا دورہ

اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب اسٹنٹ کمشنر ربب نواز سمیت اینٹی انکروچمنٹ ٹیموں کے نمائندے بھی موجود تھے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کا تجاوزات آپریشن کی جائزہ کے لیے صمد پورہ کا دورہ، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب اسٹنٹ کمشنر ربب نواز سمیت اینٹی انکروچمنٹ ٹیموں کے نمائندے بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر محمود عثمان جاوید نے صمد پورہ میں اینٹی انکروچمنٹ کی جانب سے کی جانے والی کاروائیوں کا جائزہ لیا اور تجاوزات کے مکمل خاتمے تک آپریشن کو جاری رکھنے کی ہدایات جاری کیں، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق ضلع بھر کو تجاوزات سے پاک کرنے کے لیے بلا امتیاز کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، انہوں نے کہا کہ کہ تجاوزات کے مکمل خاتمے تک آپریشن جاری رکھا جائے گا اور اس سلسلہ میں کسی قسم کا دباؤ ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا تجاوزات مافیا عوام کے لیے مشکلات پیدا کرنے سے باز رہے اور اپنی مقررہ حد تک محدود رہیں بصورت دیگر سخت کاروائیوں کے لیے تیار رہے۔

اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کا ڈی پی ایس حجرہ شاہ مقیم کا دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر کا ڈی پی ایس حجرہ شاہ مقیم کا دورہ، انہوں نے سکول کی مختلف کلاسز میں درس وتدریس کے عمل کا جائزہ لیا اور اساتذہ اور سکول انتظامیہ سے مختلف امور بارے دریافت کیا، اسسٹنٹ کمشنر نعیم بشیر نے کہا کہ ڈی پی ایس حجرہ شاہ مقیم میں کوالٹی ایجوکیشن کا سلسلہ جاری رکھنے کے لیے تمام وسائل بروکار لائے جائیں اور سکول پرنسپل اور انتظامیہ طالب علموں میں مثبت رویوں اور سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لیے موثر انداز میں اقدامات کریں اور بچوں کی تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی بہترین تربیت اور کیریکٹر بلڈنگ پر بھی خصوصی فوکس کیا جائے تاکہ یہ طالب علم مستقبل میں اپنا منفرد مقام حاصل کرسکیں۔

دھرتی ماں پر قربان ہونیوالا ایک اور بہادر سپوت سپرد خاک

شہید نے سوگواران میں 3 ماہ کی بیٹی، بیوہ اور بہن کو چھوڑا، شہید اکلوتا تھا بھائی تھا



جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کے علاقہ ہرنپور کاہاشی سیدزادے نے دھرتی ماں پر قربان سیدزادے نے سوگواران میں تین ماہ کی ننھی پری اور ایک بیوہ کو حوالے خدا کرتے ہوئے جام شہادت نوش کیا سیدزادہ اپنی بہن کا اکلوتا بھائی تھا شہید زوالقرنین شاہ کی نماز جنازہ انکے آبائی ہرنپور میں ادا کردی گئی۔

مصطفی آباد: مختلف سکولوں کے بچوں کے درمیان تقریری مقابلہ کا اہتمام

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قصور سلمون ایوب نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اول دوم سوئم آنے والے بچوں میں انعاماتی سرٹیفکیٹ کیش اور شیلڈز تقسیم کی گئی



مصطفی آباد/لیانی (نمائندہ خصوصی) مختلف سکولوں کے بچوں کے درمیان تقریری مقابلہ کا اہتمام، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قصور سلمون ایوب نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اول دوم سوئم آنے والے بچوں میں انعاماتی سرٹیفکیٹ کیش اور شیلڈز تقسیم کی گئی، تفصیلات کے مطابق مصطفی آباد میں سول سوسائٹی مصطفی آباد کے زیر اہتمام مختلف سکولوں کے بچوں کے درمیان ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے کے موضوع پر تقریری مقابلہ کی ایک بڑی اور شاندار تقریب منعقد ہوئی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قصور سلمون ایوب نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، مصطفی آباد میں منعقد ہونے والی تقریب میں علاقائی سکولوں کے طلباء نے تقریری مقابلے میں حصہ لیا، بچوں نے منتخب موضوع پر لب کشائی کرکے خوب داد وصول کی، اس موقع پر گورنمنٹ ڈگری کالج مصطفی آباد کے پرنسپل پروفیسرز سمیت عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قصور سلمون ایوب نے اول دوم سوئم آنے والے بچوں میں انعاماتی سرٹیفکیٹ کیش اور شیلڈز تقسیم کیں، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قصور سلمون ایوب نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، ان بچوں کے ساتھ ساتھ انکے اساتذہ کرام اور والدین بھی خراج تحسین کے مستحق ہیں، اس موقع پر ڈاکٹر عصمت امین شاد کا کہنا تھا کہ یہ ننھے منے بچے ہمارا روشن مستقبل ہیں ہمیں ایسی تقریبات میں بڑھ چڑھ کے حصہ لینا چاہیے اور ان بچوں کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے، اسی موقع پر پاکستان کے معروف کوئین کو لیکٹریکل احمد نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں مصطفی آباد میں چھپے ٹیلنٹ کو اجاگر کرنا ہوگا یہ ہمارے ہیروز ہیں ہمیں انہیں مکمل طور پر ہر طریقے سے پرموٹ کرنے کی ضرورت ہے اور انہیں پروان چڑھانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے، مصطفی آباد کے سماجی کارکن ناصر سندھو نے تقریب میں آنے والے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہم تقریب میں تشریف لانے والے معزز مہمانوں کے بہت مشکور ہیں کہ آپ نے ان بچوں اور انتظامیہ کو عزت بخشی ہم ایسی تقریبات مقامی ٹیلنٹ میں مزید نکھار پیدا کرنے لیے منعقد کرتے رہیں گے۔

اسسٹنٹ کمشنر ربب نواز کی زیر نگرانی صمد پورہ میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر ربب نواز کی زیر نگرانی صمد پورہ میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن، اس موقع پر سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید بھی موجود تھے، اینٹی انکروچمنٹ ٹیموں نے کاروائی کرتے ہوئے روڈ کے اطراف پختہ تجاوزات گل صفایا کر دیا، اسسٹنٹ کمشنر ربب نواز نے کہا کہ تجاوزات کے خاتمے کے سلسلہ میں مکمل سے کاروائیاں کی جارہی ہیں تاکہ صاف ستھرے، کشادہ اور تجاوزات سے پاک پنجاب کا خواب شرمندہ تعبیر کیا جا سکے، انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف اپریشن کو ہر صورت منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور تجاوزات کے خلاف سلسل سے کاروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

جہلم شدید گرمی کے بعد بارشیں برسانے والا سسٹم آج سے پاکستان میں داخل ہوگا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شدید گرمی کے بعد بارشیں برسانے والا سسٹم آج سے پاکستان میں داخل ہوگا، بارش اور تیز ہوائیں چلنے سے گرمی کی شدت میں کمی واقع ہوگی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بارشیں برسانے والے سسٹم کے داخل ہونے سے جہلم سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع میں بارشوں کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ جہلم سمیت پنجاب بھر کے بیشتر اضلاع اس وقت شدید گرمی کی لپیٹ میں ہیں۔ جہلم میں کم سے کم درجہ حرارت 26 ڈگری سینٹی گریڈ اور زیادہ سے زیادہ 42 سینٹی ڈگری تک جانے کے امکانات ہیں جبکہ جنوبی پنجاب میں پارہ 44 سے 45 ڈگری سینٹی گریڈ تک بھی جاسکتا ہے۔

محنت کشوں کی بنیادی سہولیات کو عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق پورا کیا جائے، قیصر شمس گچھا

محنت کشوں کیلئے بھی ضروری ہے کہ محنت، ذمہ داری اور ایمانداری سے اپنے فرائض سرانجام دیں، صنعتوں میں نئی مشینری آرہی ہے، جس کو چلانے کیلئے مطلوبہ ہنر کے لئے لیبر دستیاب نہیں



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) محنت کشوں کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی کیلئے سوشل سیکورٹی اور لیبر ویلفیئر کے اداروں کو عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق انتہائی متحرک اور فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہ بات فیصل آباد ڈیجیٹل آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر قیصر شمس گچھا نے یوم مئی کے حوالے سے قائمہ کمیٹی برائے آرٹ اینڈ کلچر سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ حقوق وفرائض آپ میں جڑے ہوتے ہیں۔ اس لئے جہاں مالکان کا فرض ہے کہ وہ اپنی لیبر کا خیال رکھیں وہاں محنت کشوں کیلئے بھی ضروری ہے کہ محنت اور ذمہ داری اور ایمانداری سے اپنے فرائض سرانجام دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صنعتوں میں نئی مشینری آرہی ہے جس کو چلانے کیلئے مطلوبہ ہنر کے لئے لیبر دستیاب نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو جدید مشینری کو چلانے کیلئے مزدوروں کیلئے آن جاب تربیت کا بندوبست کرنا ہوگا۔ فیصل آباد چیمبر کے سابق سینئر نائب صدر اور قائمہ کمیٹی کے کوآرڈینیٹر فاروق یوسف نے کہا کہ فیصل آباد کی ترقی محنت کشوں کی وجہ سے ہے اور ہمیں ان کے حقوق کا ہر ممکن تحفظ کرنا ہوگا۔ انہوں نے اس حوالے سے اسلامی تعلیمات کا ذکر کیا اور کہا کہ مالکان پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اس لئے انہیں صوبائی محکموں کو محنت کشوں کو جدید ہنر سکھلانے کیلئے اقدامات اٹھانے ہوں گے۔ انہوں نے پرانی ملوں کا ذکر کیا اور کہا کہ ان کی لیبر کو بے شمار سہولتیں اور مراعات دی جاتی تھیں جبکہ بہت سے ادارے اب بھی ان روایات پر عمل پیرا ہیں۔ انہوں نے بھی ٹیکنیکل تعلیم کے فروغ پر زور دیا اور کہا کہ دیہاتی خواتین صبح سے رات تک محنت کرتی ہیں مگر ان کو لیبر میں شمار نہیں کیا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ اس یوم مئی پر ہم ان ''بے نام'' مزدوروں کو خصوصی سلام پیش کرتے ہیں تقریب سے محترمہ درشہوار نادیہ شمیم، طارق قریشی اور ایم فیصل نے بھی خطاب کیا جبکہ آخر میں تحائف بھی تقسیم کئے گئے۔

مزدور کی اجرت ترجیحاً ادا کرنی چاہئے، خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ مزدوروں کی فلاح و بہبود پر توجہ دی ہے: نائب صدر پنجاب



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) جب مزدور کی اجرت کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جائے گا تب مزدوروں کے مسائل حل ہوں گے سیالکوٹ میں یکم مئی مزدوروں کے عالمی دن کے حوالہ سے اپنے میڈیا بیان میں پاکستان پیپلز پارٹی سینٹرل پنجاب کے نائب صدر خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے کہا کہ معاشرے کا ہر فرد دکھی نہ کسی طرح محنت کش ہے۔ جب تک مزدور کی قدر نہیں کی جائے گی زندگی کی ترقی ممکن نہیں ہو سکے گی ملکی معیشت کو استحکام بخشنے کے لیے مزدوروں کے حقوق کو تسلیم کرنا اور ان کے مسائل کو حل کرنا ناگزیر ہے۔ مزدور کی محنت کا فوری صلہ دینا شرعاً اور اخلاقاً لازم ہے اور ان کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا وژن ایک ایسے معاشرے کا عکاس ہے جہاں ہر مزدور کو اس کی محنت کا پورا صلہ ملے اور وہ باعزت زندگی بسر کر سکے۔ انہوں نے تمام متعلقہ اداروں اور حکومت سے اپیل کی کہ وہ مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے موثر پالیسیاں تشکیل دیں۔ جب مزدور کی اجرت کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنایا جائے گا تب مزدوروں کے مسائل حل ہوں گے۔

ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا

ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی ستھرائی کے انتظامات اور مریضوں کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا



ساہیوال (مہر اسے ڈی ایم سپاسے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، صفائی ستھرائی کے انتظامات اور مریضوں کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا۔ ان کے ہمراہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اسما میر، محمد جسیمہ اور اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے مختلف وارڈز، ایمرجنسی، آؤٹ ڈور، لیبر روم، چلڈرن وارڈ اور آئی سی یو سمیت دیگر شعبہ جات کا دورہ کیا اور وہاں مریضوں اور ان کے لواحقین سے ان کے مسائل بھی دریافت کیے۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ہسپتال میں صفائی کے معیار کو بہتر بنایا جائے، مریضوں کو بروقت علاج کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور تمام وارڈز میں ضروری سہولیات ہر وقت دستیاب رہنی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب صحت عامہ کی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے اور ہسپتالوں کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بہترین علاج معالجے کی سہولیات میسر آئیں۔

فرخ رفیع کی دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر تقریب

بین الاقوامی مقابلے گرینڈ پرکس میں پوزیشن حاصل کرنا اعزاز کی بات ہے، شرکاء



سمندری (نمائندہ رپورٹر) قادر پیٹرولیم رفیع اینڈ سنز اوکاڑہ تاندلہ بائی پاس کے میاں رفیع ضیاء کے صاحبزادے پپوت سمندری اشرف آباد میاں فرخ رفیع کی امریکہ لاس اینجلس میں منعقدہ تن سازی کے بین الاقوامی مقابلے گرینڈ پرکس میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر شاندار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں معززین اور شہریوں نے شرکت کی، شرکاء نے اس موقع پر خوشی کا اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ فرخ رفیع نے پاکستان کا نام دنیا بھر میں روشن کیا ہے ہمیں اس پر فخر ہے انشاء اللہ امید ہے کہ آئندہ بھی وہ کامیابیوں سے سرفراز ہوگا، حاجی شہزاد ودیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس موقع پر میاں رفیع ضیاء کو بھی مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ ان کا صاحبزادہ انکے لیے باعث فخر بنا انہوں نے مزید کہا کہ رفیع ممکی نے سمندری میں معیاری پٹرول پمپ قادر پیٹرولیم رفیع اینڈ سنز اوکاڑہ تاندلہ بائی پاس پر بنایا، جس سے سمندری کی عوام کو بہترین کوالٹی کا حامل پٹرول فراہم ہو رہا ہے، اہلیان سمندری کے اعتماد پر انکے مشکور ہیں،

رانا عتیق الرحمان کو کوارڈینیٹ ضلع بہاول نگر محکمہ تعلیم ہائر ایجوکیشن تعینات کر دیا گیا

رانا عتیق الرحمان ایک قابل اور فرض شناس انسان ہیں ضلع بہاول نگر میں جو محکمہ تعلیم میں بے ضابطگیاں اور کرپشن ہوئی ہے ان پر جلد قابو پالیا جائے گا: صدر گچھی والا پریس کلب



گچھی والا (عدیل احمد) رہنما پاکستان پیپلز پارٹی فورٹ عباس و چیئرمین مجلس عاملہ آزاد پریس کلب گچھی والا و صدر ڈرائیونگ اسوسی ایشن تحصیل فورٹ عباس رانا جنید اختر خاں کے قریبی عزیز رانا عتیق الرحمان سابق ناظم یونین کونسل 264 بی کو وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی طرف سے کوارڈینیٹ (Co-ordinate) ضلع بہاول نگر محکمہ تعلیم ہائر ایجوکیشن اور سپیشل ایجوکیشن بننے پر بہت بہت مبارک باد پیش کرتے ہیں، صدر آزاد پریس کلب گچھی والا عقیل احمد نے کہا کہ امید کرتے ہیں کہ رانا عتیق الرحمن ضلع بہاولنگر میں تعلیم کے نظام کو فعال اور مستحکم بنانے میں اپنی خدمات احسن انداز سے سرانجام دیں گے اور وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے انہیں جو ذمہ داریاں سونپی ہیں وہ بہتر انداز میں اُن ذمہ داریوں سے سرخرو ہوں گے، مزید کہنا تھا کہ رانا عتیق الرحمان ایک قابل اور فرض شناس انسان ہیں ضلع بہاول نگر میں جو محکمہ تعلیم میں بے ضابطگیاں اور کرپشن ہوئی ہے ان پر جلد قابو پالیا جائے گا ہم رانا عتیق الرحمان کو کوارڈینیٹ (Co-ordinate) ضلع بہاول نگر محکمہ تعلیم ہائر ایجوکیشن اور سپیشل ایجوکیشن کا نیا عہدہ ملنے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتے ہیں۔

موجودہ حالات میں باہمی اختلافات کی بجائے قومی یکجہتی قائم کریں۔ محمد خالد وسیم

ملک کو بیشمار چیلنجز درپیش ہیں، مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے: کنوینئر اتحاد گروپ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کنوینئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ملک اس وقت بے شمار چیلنجز سے دوچار ہے ذاتی اختلافات کو ختم کر کے امن عامہ کے لیے سب کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے ورنہ خاندان کے مشکور ہیں کہ جنہوں نے ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی فیز ٹو کے معاملات کو خوش اسلوبی سے نبھانے میں اہم کردار ادا کیا ہے ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ وہ ہمیشہ امن و امان کی صورتحال کو قائم رکھنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہتے ہیں باہمی پیار، محبت اور بھائی چارے کی فضا کو ہر صورت میں برقرار رہنا چاہیے امن و امان کے قیام کے لیے ہم سب پر انفرادی اور اجتماعی طور پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم اپنا فعال کردار ادا کریں۔ آج کے دور میں انسان کے لیے سب سے بڑی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ اپنے اردگرد کے لوگوں کے لیے مثبت سوچ کو فروغ دے اور معاشرے میں خیر خواہی اور ہمدردی کی فضا پیدا کرے۔

گمبر ضلعی انتظامیہ کے لاپرواہی کی وجہ سے قصاب مافیا بے لگام

گمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) گمبر ضلعی انتظامیہ کے لاپرواہی کی وجہ سے قصاب مافیا بے لگام گمبر قادر آباد اور اس کے گردونواح میں چکن مٹن بیف اور من اپنے اپنے ریٹ پر فروخت ہونے لگا۔ پرائز کنٹرول مجسٹریٹ ٹھنڈے کمروں تک محدود وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی نااہلی اور غفلت کی وجہ سے گمبر قادر آباد نور شاہ یوسف والا بگڑی پل اور اس کے گردونواح میں چکن مٹن بیف کا گوشت اپنی اپنی مرضی کے ریٹ پر فروخت ہونے لگے اور سرکاری ریٹ لسٹ ردی کی ٹوکری میں پرائز کنٹرول مجسٹریٹ فیلڈ میں کام کر کے سرکاری ریٹ لسٹ پر عمل درامد کروانے کی بجائے ٹھنڈے کمروں تک محدود جس کی وجہ سے گمبر قادر آباد کی عوام ضلعی انتظامیہ اور پرائز کنٹرول مجسٹریٹ کی کارکردگی پر شدید برہم ہیں۔

یونیورسٹی آڈیٹوریم میں مشاعرہ کیا گیا جس کا عنوان ''بول کہ لب آزاد ہیں تیرے'' تھا

مشاعرہ میں 15 شعراء اکرام نے اپنا شعری مجموعہ پیش کیا جبکہ مشاعرہ کی صدارت سید عدید نے کی



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) یونیورسٹی آڈیٹوریم میں کیا گیا جس کا عنوان ''بول کہ لب آزاد ہیں تیرے'' تھا مشاعرہ میں 15 شعراء اکرام نے اپنا شعری مجموعہ پیش کیا جبکہ مشاعرہ کی صدارت سید عدید نے کی۔ مشاعرہ کے آغاز میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر میں شمسہ گیلانی پنجاب کونسل آف دی آرٹس گوجرانوالہ ڈویژن نے ادارہ کے اغراض ومقاصد اور اہداف پر روشنی ڈالی اور آنے والے شعراء اکرام کو خوش آمدید کہا۔ مشاعرہ کی نظامت پروفیسر ڈاکٹر شگفتہ فردوس اور ٹیلیویژن ہوسٹ سیف بھٹی نے کی۔ پروگرام کی مہمان خصوصی میں معیاری پٹرول پمپ قادر پیٹرولیم رفیع اینڈ سنز اوکاڑہ تاندلہ بائی پاس کی حامل پٹرولیم فراہم ہو رہا ہے، اہلیان سمندری کے اعتماد پر انکے مشکور ہیں، واس چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر جبکہ مہمانان اعزاز ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سید ایوب بخاری اور پروفیسر عذرا نسبطین بخاری تھے شعراء اکرام کے اشعار سے طالبات اور مہمانان گرامی خوب محظوظ ہوئے۔ تالیوں کی گونج سے اور تعریفی القابات سے شعراء اکرام نے خوب داد سمیٹی۔ پروگرام میں مس عذرا نسبطین نے شعراء اکرام کا شکریہ ادا کیا اور مسقبل میں مزید ادبی وثقافتی پروگراموں میں اشتراک کا اظہار کیا۔ مشاعرہ کے اختتام پر واس چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر نے آرٹس کونسل کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور پنجاب آرٹس کونسل کی ٹیم کو اعزازی شیلڈز سے نوازا۔ پنجاب کونسل آف دی آرٹس گوجرانوالہ ڈویژن کی طرف سے بھی واس چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر شازیہ بشیر نے شعراء اکرام کو اعزازی شیلڈز سے نوازا۔

انڈیا اور مودی سرکار کا ناپاک ایجنڈا پاکستان میں کسی صورت نہیں چلنے دیں گے

بھارتی جارحیت کی صورت میں انڈیا کو سید عاصم منیر کی قیادت میں ناکوں چنے چبوا دیں گے



دیہال پور (نمائندہ رپورٹر) پیپلز مین مرکزی رویت ہلال کمیٹی علامہ سید عبدالخبیر آزاد، نوجوان مذہبی سکالر خطیب ومہتمم جامعہ ریاض الجنہ نے قومی یکجہتی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انڈیا اور مودی سرکار کا ناپاک ایجنڈا پاکستان میں کسی صورت نہیں چلنے دیں گے بھارتی جارحیت کی صورت میں انڈیا کو سید عاصم منیر کی قیادت میں ناکوں چنے چبوا دیں گے پاکستان میں قومی یکجہتی، مذہبی ہم آہنگی، ملکی وحدت وامن کیلئے علماء کا کلیدی کردار ہے فلسطین وغزہ کیلئے ہر پاکستانی کا دل افسردہ اور غمگین ہے انسانیت کے نام پر جو انوانیت کا کھیل کھیلنے والے سب سے بڑے درندے اسرائیل اور اس کے حواری ہیں انہوں نے مزید کہا کہ دہشتگردی و انتہا پسندی کے خاتمے، تشدد سے پاک معاشرے، احترام انسانیت اور پیغام پاکستان بیانیے کا فروغ بحیثیت پاکستانی قوم ہم سب کی ذمہ داری ہے پاکستان کا بچہ بچہ ملکی سلامتی ودفاع کیلئے ہمہ وقت تیار ہے حکومت پاکستان نے قومی سلامتی کے اجلاس میں بھارت کے حوالے سے جو فیصلے کیے پوری پاکستانی قوم اسکی مکمل تائید وحمایت کرتی ہے وطن عزیز پاکستان اللہ تعالیٰ کی نعمت عظمیٰ ہے پاکستان کی سلامتی ودفاع، تحفظ اور استحکام کیلئے پوری قوم اپنی مسلح افواج اور قومی سلامتی کے اداروں کے ساتھ کھڑی تھی اور کھڑی رہے گی۔

محکمہ کھیل جھنگ اور ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کی جانب سے 20 روزہ فٹ بال لیگ کا اہتمام کیا گیا



جھنگ (بیورو رپورٹ) محکمہ کھیل جھنگ اور ڈسٹرکٹ فٹ بال ایسوسی ایشن کی جانب سے 20 روزہ فٹ بال لیگ کا اہتمام کیا گیا جس میں پاکستان بھر سے کھلاڑیوں نے حصہ لیا فائنل میچ جھنگ آزاد اور بھمبھرانہ فٹ بال کلب کے مابین کھیلا گیا جس میں جھنگ آزاد کی ٹیم فاتح قرار پائی۔ محکمہ کھیل کی جانب سے کھیلوں کے فروغ کے لئے 20 روزہ فٹ بال لیگ کروائی گئی جس میں 20 کلبوں نے شرکت کی اور پاکستان بھر سے کھلاڑیوں نے لیگ میں حصہ لیا۔ کھلاڑیوں نے بہترین کھیل پیش کر کے شائقین کے دل جیت لئے۔ ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر محمد عمران کا کہنا تھا کہ فٹ بال کے فروغ کے لئے محکمہ کھیل اور فٹ بال ایسوسی ایشن کے اشتراک سے فٹ بال لیگ کا اہتمام کیا گیا جس میں کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے انعامات کے ساتھ ساتھ ری فریشمنٹ بھی تقسیم کی گئی۔ لیگ میں بطور مہمان شرکت کرنے والے سینئر نائب صدر پنجاب فٹ بال ایسوسی ایشن ذکا اللہ کا کہنا تھا کہ فٹبال لیگ کا مقصد نوجوان کسل کو موبائل سے نکال کر گراؤنڈ میں لانا ہے تاکہ وہ عالمی سطح پر کھیل کر ملک کا نام روشن کریں کھلاڑیوں کا کہنا تھا کہ اگر محکمہ سپورٹس اور کھیلوں کی تنظیموں کے اشتراک سے اسی طرح کھیلوں کے انعقاد کا سلسلہ جاری رہا تو مستقبل میں ملک وقوم کا نام روشن کرنے والے کھلاڑیوں کا انتخاب ممکن ہے

جہلم شہر سمیت گردونواح میں نان، روٹی کی قیمتوں میں کمی واقع نہ ہوسکی

سرکاری ریٹ لسٹ مذاق بن کر رہ گئی، حکومت پنجاب کا غریب اور دیہاڑی دار طبقہ کو ریلیف دینے کا خواب چکنا چور ہوگیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت گردونواح میں نان، روٹی کی قیمتوں میں کمی واقع نہ ہوسکی، سرکاری ریٹ لسٹ مذاق بن کر رہ گئی۔ حکومت پنجاب کا غریب اور دیہاڑی دار طبقہ کو ریلیف دینے کا خواب چکنا چور ہوگیا، ذمہ داران نے آنکھیں موند لیں، شہریوں کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ شہریوں نے اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ جہلم شہر اور گردونواح میں نان بائیوں اور ہوٹل مالکان نے حکومتی احکامات کو ہوا میں اڑاتے ہوئے، نان اور روٹی کی فروخت سرکاری نرخوں کے برعکس من مرضی کے نرخوں پر فروخت شروع کر رکھی ہے۔ پنجاب حکومت کی جانب سے غریب عوام اور دیہاڑی دار طبقے کو ریلیف دینے کے دعوے حقیقت کا روپ نہ دھار سکے۔ شہر بھر میں نان 25 روپے جبکہ روٹی 20 روپے تک فروخت ہو رہی ہے، جو کہ سرکاری نرخنامے اور قیمت ایپ پنجاب کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ انتظامیہ اور متعلقہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں، جس سے شہریوں میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔ شہریوں محمد اسلم، اعظم علی، ملک رزاق، ملک اکرم، جمیل خان، بابا اصغر، حافظ توصیف شہزاد انور و دیگر نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف، ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے اور حکومت پنجاب کے مقرر کردہ نرخوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔

سرگودھا میں آنکھوں کی صحت سہولیات کے فروغ کے پروگرام کا آغاز کر دیا گیا

سرگودھا میں ان سہولیات کی بہم رسائی کیلئے یہ پروگرام کالج آف آفتھلمالوجی اینڈ الائیڈ ویژن سائنسز، میو ہسپتال لاہور، سائیٹ سیورز انٹرنیشنل کے تعاون سے مکمل کرے گا



سرگودھا (ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) پروفیسر محمد معین،

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

اہل غزہ کو اسرائیل کے علاوہ حماس سے بھی خطرہ ہے

ہیگ میں عالمی عدالت انصاف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی اس درخواست پر غور شروع کیا ہے کہ اسرائیل غزہ کے باشندوں کے لیے خوراک کی فراہمی روک کر اور فلسطینیوں کے لیے اقوام متحدہ کی امدادی ایجنسی انروا پر پابندی لگا کر بین الاقوامی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام رہا ہے۔ تاہم غزہ کے باشندوں کے لیے زندگی و موت کی صورت حال پیدا کرنے میں حماس بھی برابر کی ذمہ دار ہے۔ اس دوران اسرائیلی فوج مسلسل غزہ میں حملے کرنے اور مزید علاقوں پر قبضہ کرنے میں مصروف ہیں۔ الجزیرہ کی اطلاع کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران اسرائیلی حملوں میں 70 سے زائد لوگ جاں بحق ہوئے ہیں۔ اسرائیل پر 7 اکتوبر 2023 کے حملہ کے بعد سے غزہ میں اسرائیلی جنگ جوئی کے نتیجہ میں مرنے والوں کی تعداد 55 ہزار سے تجاوز کر چکی ہے۔ جنوری میں یرغمالیوں کی واپسی اور غزہ سے اسرائیلی فوجوں کی واپسی کے لیے ہونے والا معاہدہ ایک دوسرے پر الزام تراشی کے ماحول میں 18 مارچ سے ختم ہو چکا ہے۔ اس کے بعد سے اسرائیل مسلسل غزہ میں حملے کر رہا ہے جس میں روزانہ ہلاکتوں کی رپورٹیں موصول ہو رہی ہیں۔ دنیا میں رونما ہونے والے نئے تنازعات و سانحات کی وجہ سے اس وقت غزہ کی صورت حال عالمی خبروں میں نمایاں نہیں ہو پاتی۔ حالانکہ اسرائیل نے 3 مارچ سے غزہ کے لیے ہر قسم کی امداد کی فراہمی بند کی ہوئی ہے۔ عالمی ایجنسیوں کا کہنا ہے کہ اگر خوراک و پانی کی سپلائی اور طبی ساز و سامان کی فراہمی بحال نہ ہوئی تو غزہ کے 10 لاکھ سے زائد بچے شدید قحط کا سامنا کریں گے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے گزشتہ سال دسمبر میں بھاری اکثریت سے منظور کی گئی ایک قرارداد میں انٹرنیشنل کورٹ آف جسٹس سے غزہ کے محصور لوگوں کو امداد کی ترسیل کے حوالے سے قانونی پوزیشن واضح کرنے کی درخواست کی تھی۔ جنرل اسمبلی کا کہنا ہے کہ اسرائیل غزہ کے فلسطینیوں کی امداد روک کر اور فلسطینیوں کے لیے کام کرنے والی اقوام متحدہ کی ایجنسی انروا پر پابندی عائد کر کے بین الاقوامی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں ناکام رہا ہے۔ اسرائیل کا موقف ہے کہ اس نے یرغمالیوں کی رہائی کے لیے غزہ کا بلاکیڈ کیا ہوا ہے کیوں کہ حماس کے جنگجو اس امداد کو لوٹ لیتے ہیں اور اس سے اپنی مجرمانہ قوت میں اضافہ کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ اقوام متحدہ اور امداد فراہم کرنے والے دیگر ادارے اسرائیلی الزامات کی تردید کرتے ہیں۔ وہ اس اسرائیلی موقف سے بھی متفق نہیں ہیں کہ غزہ میں مناسب مقدار میں خوراک موجود ہے اور وہ مسلسل صورت حال کا جائزہ لے رہا ہے۔ اسرائیل اور حماس کے درمیان قطر، مصر اور امریکہ کے تعاون سے جنوری میں جس جنگ بندی پر عمل شروع کرایا گیا تھا وہ بمشکل دو ماہ چل پائی۔ اس وقفے میں غزہ کے شہری ایک بار پھر اپنی زندگی از سر نو شروع کرنے کی تگ و دو کرنے لگے تھے لیکن 18 مارچ سے اسرائیلی حملوں کی وجہ سے وہ ایک بار پھر غزہ کے محدود علاقے میں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے پر مجبور ہیں۔

گزشتہ 7 ہفتوں کے دوران غزہ میں کسی قسم کی امداد نہیں پہنچی۔ اقوام متحدہ کے زیر انتظام غزہ میں کام کرنے والی 25 بیکریاں آٹا اور ایندھن نہ ہونے کی وجہ سے مارچ کے آخر سے بند پڑی ہیں۔ اب عالمی عدالت انصاف کو یہ فیصلہ کرنا ہے کہ کیا اس طریقے سے اسرائیل عالمی قانون کے تحت اپنی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام ہو رہا ہے۔ عالمی عدالت انصاف یہ پورا ہفتہ 39 ممالک اور مختلف تنظیموں کے دلائل سنے گی البتہ آئی سی جے کی کوئی رولنگ آنے میں کئی ماہ لگ سکتے ہیں۔ اس بات کا کوئی امکان نہیں ہے کہ اسرائیل عالمی عدالت انصاف کے کسی حکم کو مانے گا۔ اس سے پہلے بھی اس نے اس عدالت سے جاری ہونے والے تمام احکامات کو مسترد کیا ہے۔ موجودہ صورت حال، امریکہ میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے برسر اقتدار آنے اور حماس کو مکمل طور سے ختم کرنے کے مقصد میں اسرائیل کا مکمل ساتھ دینے کے فیصلہ کے بعد سے دیکھنے میں آئی ہے۔ ایران جو 7 اکتوبر 2023 کو ہونے والے سانحہ کے بعد حماس اور لبنان کے عسکری گروہ حزب اللہ کو سیاسی و عسکری امداد فراہم کرتا رہا ہے، اب خود امریکی حملوں سے بچنے کے لیے ٹرمپ حکومت کے ساتھ کسی معاہدے کے لیے بات چیت کر رہا ہے۔ اس دوران صدر ٹرمپ نے عالمی تجارتی نظام کو تبدیل کرنے کے لیے جو ٹیرف وار شروع کی ہے، اس کے تناظر میں مغربی ممالک کے علاوہ دنیا بھر کے لیڈروں کی توجہ اس صورت حال سے پیدا ہونے والے مسائل پر مبذول ہے۔ اسرائیل اس صورت حال کو پوری طرح من مانی کے لیے استعمال کر رہا ہے۔ ایک طرف ٹرمپ غزہ کے باشندوں کو وہاں سے نکال کر دوسرے ملکوں میں آباد کرنے کی تجویز دے کر غزہ پر امریکی قبضے اور اسے شاندار تجارتی و سیاحتی مرکز بنانے کی تجویز پیش کر چکے ہیں۔ تو دوسری طرف عرب ممالک نے غزہ کی بحالی کے لیے ایک ایسا منصوبہ پیش کیا ہے جس میں غزہ کے باشندوں کو وہاں سے زبردستی نکالنے کا طریقہ مسترد کیا گیا ہے۔ تاہم ان دونوں منصوبوں میں حماس کا کوئی مستقبل نہیں۔ امریکہ اسرائیل کے ساتھ مل کر حماس کو مکمل طور سے تباہ کر دینا چاہتا ہے جبکہ عرب ممالک کے منصوبہ میں حماس کے جنگجوؤں کو غیر مسلح کر کے اس علاقے میں ماہرین پر مشتمل غیر جانبدار حکومت قائم کی جائے گی۔ البتہ یہ دونوں منصوبے محض کاغذی کارروائی یا بیان بازی کی حد تک سامنے آئے ہیں۔ ان میں غزہ کے شہریوں کو اسرائیل کے قہر سے بچانے اور انہیں زندگی کی امید دلانے کا کوئی طریقہ موجود نہیں۔ آج ہیگ میں انٹرنیشنل کورٹ آف جسٹس کا اجلاس شروع ہوا تو سب سے پہلے فلسطینی سفیر عمار حجازی نے کہا کہ غزہ کے لیے خوراک کی فراہمی بند کر کے اسرائیل خوراک و پانی کو جنگی ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ انتہائی جذباتی انداز میں عدالت کے ججوں کو مخاطب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ غزہ کے فلسطینیوں کی نسل کشی کے منصوبے پر عمل کیا جا رہا ہے۔ اسرائیلی اقدامات سے فلسطینیوں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ رہا ہے۔ اقوام متحدہ میں فلسطین کے سفیر ریاض منصور نے عدالت کو بتایا کہ اسرائیل ایسے حالات پیدا کر رہا ہے جن میں ان لوگوں کے لیے زندہ رہنے کا کوئی امکان نہیں ہوگا۔ ہیگ سے ہزاروں میل دور دوحہ میں ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے قطر کے وزیر اعظم نے بھی ایسے ہی خیالات کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم و وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمان بن جاسم الثانی نے غزہ کی صورت حال کو دنیا کے ضمیر پر بوجھ قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ غزہ میں سردی اور بھوک سے بچے مر رہے ہیں اور ان ہتھکنڈوں کو معمولی سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ غزہ کی اس تکلیف دہ صورت حال کے جواب میں مسلمان ملکوں میں بیان بازی یا احتجاج کے سوا کوئی ٹھوس پالیسی یا اس مشکل سے نکلنے کا کوئی طریقہ ڈھونڈنے کا رویہ سامنے نہیں آیا۔ پاکستان کے مذہبی رہنماؤں نے اسلام آباد میں اس ماہ کے شروع میں قومی فلسطین کانفرنس منعقد کی اور اسرائیل و امریکہ کے خلاف نفرت انگیز تقریریں کرنے اور امریکی مصنوعات کا بائیکاٹ کر کے غزہ آزاد کرانے کا عزم کیا۔ اس کے بعد مذہبی جماعتوں کے بینر تلے اسرائیل مردہ باد ریلیاں نکالی جا رہی ہیں۔

پاکستان میں دہشت گردی فائدہ کس کو

گزشتہ دو روز میں پاک فوج کی کارروائیوں میں افغانستان سے سرحد پار کر کے خیبر پختون خوا میں داخل ہونے والے 70 کے قریب دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا ہے۔ آج ایک ہی جھڑپ میں شمالی وزیرستان کے علاقے حسن خیل آنے کی کوشش کرنے والے 54 دہشت گرد مارے گئے ہیں۔ پاکستان کے خلاف دہشت گرد گروہوں کے اس بڑے حملہ کی ذمہ داری کابل حکومت کے علاوہ بھارت پر بھی عائد ہوتی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے دہشت گردوں کے خلاف تازہ کارروائی کی اطلاع دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ بھارتی حکمرانوں نے پہلگام سانحہ میں پاکستان پر الزام تراشی کرتے ہوئے درحقیقت افغانستان میں اپنی پراکسیوں کو مہلت اور موقع فراہم کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان عناصر کا خیال تھا کہ پاکستانی فوج کو بھارتی حملہ کے خوف میں مبتلا کر کے مشرقی سرحد سے کسی حملہ کے لیے چوکس ہونے پر مجبور کیا جائے تاکہ افغانستان سے سرگرم دہشت گرد عناصر پاکستان کے خلاف سرگرم ہو سکیں۔ اس سے پہلے وزیر دفاع خواجہ آصف یہ اندیشہ ظاہر کر چکے ہیں کہ بھارت پہلگام سانحہ کا انتقام لینے کے لیے دہشت گرد گروہوں کو استعمال کر سکتا ہے جو پاکستان میں داخل ہو کر بھاری نقصان کریں۔ ایک ہی ہلے میں کئی درجن لوگوں کا تخریبی سرگرمیوں کے لیے پاکستان داخل ہونے کے واقعہ کو اسی تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ ایک طرف بھارت کا میڈیا اور حکومتی عہدیدار پہلگام کے واقعہ کی تفصیلات بتانے یا شواہد سامنے لانے کی بجائے مسلسل پاکستان کو مورد الزام ٹھہرا کر ہیجانی کیفیت پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جبکہ دوسری طرف ان کے پروردہ اور حمایت یافتہ گروپ پاکستان میں کسی بڑی کارروائی کے لیے سرگرم ہو رہے ہیں۔ ان دونوں معاملات کو ایک دوسرے سے علیحدہ کر کے نہیں دیکھا جا سکتا۔ اس دوران بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی نے بالواسطہ طور سے پاکستان کے خلاف ہیجان اور غم و غصہ کو ہوا دینے کے لیے تند و تیز لب و لہجہ اپنا رکھا ہے۔ ایک پروگرام میں کی بات میں ان کا کہنا تھا کہ میں متاثرین کو یقین دلاتا ہوں کہ انہیں انصاف ملے گا۔ پہلگام میں 22 اپریل کو



حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

ہونے والے دہشت گردی کے واقعے نے ملک کے ہر شہری کو غمزدہ کر دیا ہے۔ ہر انڈین شہری کو متاثرہ خاندانوں سے گہری ہمدردی ہے۔ اس حملے کے مجرموں اور سازش کرنے والوں کو سخت ترین جواب دیا جائے گا۔ اس میں کوئی شک نہیں ہونا چاہیے کہ پہلگام میں معصوم اور بے گناہ شہریوں پر حملے اور اس میں ہونے والے جانی نقصان کی تکلیف صرف بھارت میں ہی نہیں دنیا بھر میں محسوس کی گئی ہے۔ اہل پاکستان بھی اس درد کو محسوس کرنے میں کسی سے پیچھے نہیں ہیں۔

سرکاری سطح کے علاوہ پاکستانی میڈیا، مبصرین اور تجزیہ نگاروں نے اس سانحہ پر دکھ کا اظہار کیا اور انسانوں پر حملوں کی مذمت کی ہے۔ البتہ بھارتی حکومت اور وزیر اعظم کے طرز عمل سے یوں ظاہر ہوتا ہے کہ جیسے صرف بھارتی شہریوں کی زندگی اہم ہے اور ہمسایہ ملک میں ہونے والی دہشت گردی معمول کا حصہ ہے۔ اگر بھارتی حکومت اس سوچ کو تبدیل نہیں کرے گی تو وہ خود اپنے ملک میں بھی ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کا مقصد حاصل نہیں کر سکے گی جو سیاسی ایجنڈے کے لیے بے گناہ شہریوں پر حملے کرتے ہیں۔ اس حوالے سے اس حقیقت سے بھی صرف نظر نہیں جا سکتا کہ بھارتی حکومت ابھی تک پہلگام سانحہ کی تحقیقات میں ایک قدم بھی آگے نہیں بڑھا سکی ہے۔ بھارتی وزارت داخلہ کے حکم پر پہلگام حملہ کی تحقیقات انڈیا کی مرکزی تحقیقاتی ایجنسی این آئی اے کو سونپی گئی ہے۔ این آئی اے نے کہا ہے کہ آئی جی، ڈی آئی جی اور ایس پی کی نگرانی میں تشکیل دی گئی ٹیم پہلگام کی وادی بیسران میں منگل کو حملے کے عینی شاہدین سے پوچھ گچھ شروع کر رہی ہے۔ اس خبر سے یہی واضح ہوتا ہے کہ بھارتی حکام ابھی پہلگام سانحہ کے عوامل اور اس میں ملوث عناصر کے بارے میں قطعی طور سے لاعلم ہیں۔ جب ابتدائی تحقیقات ہی کسی نتیجہ پر نہیں پہنچیں تو یہ قیاس کیسے کیا جا سکتا ہے کہ اس حملہ میں کون لوگ ملوث تھے۔ اس کے باوجود بھارتی میڈیا اور بھارتیہ جنتا پارٹی کے لیڈروں کے ذریعے پاکستان پر الزام تراشی کے ذریعے جنگ کا ماحول پیدا کیا گیا ہے۔ دنیا بھر کو تاثر دینے کی کوشش کی جا رہی ہے گویا یہ حملہ آور لائن آف کنٹرول عبور کر کے پہلگام گئے تھے تاکہ شہریوں کو ہلاک کریں۔ ایسے الزام لگاتے ہوئے بھارتی حکومت یہ فراموش کر دیتی ہے کہ اس کی اپنی ایجنسیاں پاکستان ہی نہیں بلکہ کینیڈا اور امریکہ میں بھی سیاسی مخالفین کو ہلاک کرنے میں ملوث رہی ہیں۔ پاکستان بھی اپنے ملک میں ہونے والی دہشت گردی کا الزام بھارت پر ہی عائد کرتا ہے۔

افغانستان کبھی غلام نہیں رہا؟؟؟؟

تحریر مقصود عالم

افغانستان کو کوئی فتح نہیں کر سکا اور وہ سلطنتوں کا قبرستان رہا ہے۔ جس نے بھی اس پر حملہ کیا وہ نیست و نابود ہو گیا۔ وغیرہ وغیرہ۔ کیا یہ سچ ہے؟ کیا تاریخی حقائق اس کی تائید کرتے ہیں؟ یا یہ فقط غلط فہمی کم علمی اور افواہ ہے جو جان بوجھ کر پھیلائی گئی مخصوص مقاصد کے حصول کے لئے؟ تاریخی حقائق کا جائزہ لیتے ہیں اور جاننے کی کوشش کرتے ہیں کہ حقیقت کیا ہے؟ تاریخ انسانی کی پہلی بڑی سلطنت ایرانی بادشاہ سائرس) کوروش اعظم(کی تھی۔ ڈھائی ہزار سال پہلے وہ پہلا بادشاہ تھا جس نے شہنشاہ کا لقب اختیار کیا، یعنی شاہوں کا شاہ۔ ہخامنشی سلطنت میں بھی افغانستان نظرائے گا جو کہ سائرس کی ہخامنشی سلطنت کا ایک صوبہ تھا۔ یعنی موجودہ افغان علاقے ایرانی سلطنت کے مفتوحہ غلام تھے۔ مقدونیہ کے سکندر اعظم کی سلطنت کو دیکھتے ہیں۔ اس میں بھی آپ کو افغانستان ڈھونڈنے میں دقت پیش نہیں آئے گی۔ سکندر اور اس کے بعد اس کے مشرقی جانشین سیلیوکس اور دیگر یونانی بادشاہوں نے طویل عرصے تک افغانستان کو غلام بنائے رکھا۔ چندر گپت موریہ اور اس کے جانشینوں کی سلطنت کا نقشہ دیکھیں موجودہ افغانستان ٹیکسلا اور پاٹلی پتر کے موریہ بادشاہوں کا ایک مفتوحہ علاقہ تھا۔ ساسانی بادشاہ بھی افغانستان پر قابض دکھائی دیتے ہیں۔ اسلام کا ظہور ہوتا ہے۔ خلفائے راشدین کے دور میں ہی خراسان فتح ہو جاتا ہے۔ لیکن آپ کو ہم اموی خلافت کا یہ نقشہ دکھاتے ہیں۔ افغانستان اس میں بھی ایک مفتوحہ علاقہ ہیاموییوں کا زوال ہوا۔ عباسی بھی طاقت کھو بیٹھے۔ سمرقند اور بخارا کے سامانی بادشاہ اب افغانستان پر قبضہ کیے بیٹھے ہیں۔ یہ پھر ایک مفتوحہ علاقہ ہے۔ سامانی سلطنت کو زوال آتا ہے۔ اس کا ترک گورنر الپتگین اس وقت غزنی کے صوبے پر حکومت کر رہا ہے۔ وہ خود مختاری کا اعلان کر دیتا ہے۔ غزنوی سلطنت قائم ہوتی ہے۔ الپتگین کا جانشین اور داماد سبکتگین لاہور کے ہندو شاہی راجوں سے جنگ چھیڑ دیتا ہے جو کہ کابل اور مزار شریف کے علاقوں کے مالک ہیں۔ یہ سب علاقے غزنی کی سلطنت کا حصہ بنتے ہیں۔ محمود غزنوی چار طرف فتوحات کا سلسلہ پھیلاتا ہے اور ایران میں رے، وسطی ایشیا میں ماوراالنہر اور ہندوستان میں لاہور تک کے علاقے اپنی سلطنت میں شامل کر لیتا ہے۔ ترکوں کی یہ حکومت موجودہ افغانستان کے علاوہ بھی بہت سے علاقوں پر قابض ہو جاتی ہے۔ مگر پھر وسطی ایشیا کے سلجوق ترک قبائل اسے شکست دے دیتے ہیں اور افغانستان سے نکال دیتے ہیں۔ اب ان کا مرکز لاہور ہے۔ اسی اثنا میں پچاس برس کے مختصر عرصے کے لئے دور افتادہ افغان علاقے غور سے غوری سلطنت ابھرتی ہے جس نے 1163 میں سلطان غیاث الدین غوری کے بادشاہ بننے کے بعد عروج پایا اور باقی ماندہ غزنوی سلطنت پر قبضہ کیا۔ لیکن 1215 میں اس کا خاتمہ ہو گیا۔ غوریوں کے متعلق افغان نیشنلسٹ یہ دعوی کرتے ہیں کہ وہ پشتون تھے مگر محققین کا عمومی اتفاق ہے کہ وہ تاجک النسل تھے اور ان کا ایران سے تعلق تھا۔ وہ خود کو شنسانی کہتے تھے۔ تاریخ دانوں کا حکم ہے کہ یہ ساسانی نام وشنسپ سے بگڑ کر عربی میں آل شنسب کہلایا اور فارسی میں شنسانی۔ یعنی یہ بھی مقامی افغان خاندان نہیں تھا۔ جب افغانستان خوارزم شاہی سلطنت کا حصہ تھا تو مغلوں کے عظیم بادشاہ اور فاتح عالم تموجن المعروف چنگیز خان نے افغانستان کو تاراج کیا اور اپنی سلطنت میں شامل کر لیا اور یہیں کھوپڑیوں کے مینار بنائے تھے۔ اب شہر سبز اور سمرقند سے دوسرا مغل فاتح عالم امیر تیمور نامی تاتاری مغل جو ظہیر الدین بابر کا پڑدادا تھا وہ اٹھا اور افغانستان اس کی سلطنت کا صوبہ بن گیا۔ ازبک سلطان شیبانی خان بھی اس پر قابض رہا۔ پھر کابل کا علاقہ فرغانہ کے حکمران ظہیر الدین بابر نے فتح کر لیا اور یوں یہ مغل سلطنت کا حصہ بنا۔ بابر سے اورنگ زیب تک مغل اس پر حکمران رہے۔ مغلوں کے کمزور پڑنے پر ایرانی بادشاہ نادر شاہ افشار نے افغانستان پر تسلط جمایا۔ نادر شاہ افشار کے قتل ہونے کے بعد افغانستان نامی ملک پہلی مرتبہ وجود میں آیا جب نادر شاہ افشار کے سردار احمد شاہ ابدالی نے 1747 میں افغان علاقوں پر حکمرانی کا دعوی کر دیا۔ اس سے پہلے کابل اور قندھار عام طور پر ہندوستانی تخت کا حصہ رہتے تھے، ہرات وغیرہ ایرانی سلطنتوں کا اور مزار شریف وغیرہ کے علاقے وسطی ایشیائی سلطنتوں وغیرہ کے صوبے ہوا کرتے تھے۔ احمد شاہ ابدالی کی سلطنت میں ایرانی شہر نیشاپور، موجودہ افغانستان، موجودہ پاکستان اور راجھستان کے کچھ علاقے شامل تھے۔ ادھر پنجاب میں مہاراجہ رنجیت سنگھ نے 1799 میں لاہور فتح کیا اور 1801 میں مہاراجہ کا لقب اختیار کر کے لہور دربار پر تخت نشین ہوا۔ رنجیت سنگھ نے ابدالیوں کو متواتر شکستیں دے کر پنجاب سے نکالا۔ 1813 میں مہاراجہ رنجیت سنگھ نے ابدالیوں کو شکست دے کر اٹک پر قبضہ کر لیا۔ 1818 میں ملتان فتح کیا۔ اسی سال کشمیر کو ابدالیوں سے لیا۔ 1819 میں پشاور کے ابدالی گورنر دوست محمد خان نے مہاراجہ رنجیت سنگھ کو سالانہ خراج دے کر اس کی سلطنت کا حصہ بننے کا معاہدہ کیا مگر کچھ عرصے بعد بغاوت کر دی۔ 1823 میں نوشہرہ کی جنگ کے بعد پشاور سے آگے درہ خیبر تک کا علاقہ مہاراجہ رنجیت سنگھ کی سلطنت میں شامل ہو گیا۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے جلال آباد اور کابل پر قبضہ کرنے کے ارادے اس وقت ملیامیٹ ہو گئے جب ایک مختصر فوج کے ساتھ اس کا مایہ ناز سپہ سالار ہری سنگھ نلوہ جمرود کے قلعے کا دفاع کرتے ہوئے مارا گیا۔ 1839 میں مہاراجہ رنجیت سنگھ کے انتقال کے بعد پنجاب کی سلطنت انتشار کا شکار ہو گئی

مسئلہ بلوچستان پر سردار نواب بخش باروزئی کی فکر انگیز باتیں

بلوچستان میں دہشت گردی کی جو آگ بھڑک رہی ہے اسے مقامی قیادت کے بغیر ٹھنڈا کرنا مشکل ہے بلوچ سرداروں کو قومی دھارے میں لا کر بلوچستان کو دنیا کا خوشحال خطہ بنایا جا سکتا ہے دنیا کی قیمتی دھاتیں وہاں پر کثیر تعداد میں موجود ہیں بلوچستان کی موجودہ صورتحال اور اسکے حل پر بلوچستان کی معروف اور نامور شخصیت سردار نواب غوث بخش باروزئی سے فرزانہ چوہدری کے ساتھ گپ شپ ہوئی نواب صاحب بلوچستان کے عبوری 20 ویں وزیر اعلیٰ رہے انہیں سابق وزیر اعلیٰ نواب محمد اسلم رئیسانی اور قائد حزب اختلاف نوابزادہ طارق مگسی کی نامزدگی کے بعد اس عہدے پر تعینات کیا گیا تھا نواب غوث بخش باروزئی ہلیل زئی (پانی) باروزئی قبیلے کے رکن موجودہ تمندار اور سردار ہیں ان کو سیاست اور سرداری وراثت میں ملی ہے ان کے والد سردار نواب محمد خان باروزئی منجھے ہوئے سیاستدان اور بلوچستان کی سیاست میں نمایاں مقام رکھتے تھے جنہوں نے عوامی خدمت اور علاقائی ترقی کے لیے گرانقدر خدمات انجام دیں وہ بلوچستان اسمبلی کے دو مرتبہ وزیر اعلیٰ اور سپیکر منتخب ہوئے ان کا شمار پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی لیڈروں میں ہوتا ہے۔ سردار غوث بخش باروزوئی بلوچستان کے ایک معتبر اور معروف سیاسی رہنما ہیں جن کا دامن خدمت، سادگی اور خلوص سے لبریز ہے جنہوں نے بلوچستان کے مشکل حالات میں بھی اپنی بصرت سے وہاں کے عوام کی رہنمائی کی انہوں نے اپنے والد کی سیاسی بصیرت ،عوام دوستی اور متوازن طرز قیادت کو نہ صرف اپنایا بلکہ اسے نئے انداز سے آگے بڑھایا انہوں نے 2007ء میں نگران وزیر مال کا قلمدان سنبھالا اور 2013ء میں بلوچستان کے نگران وزیر اعلی کی حیثیت سے صوبے کی قیادت کی جہاں انہوں نے غیر جانبدارانہ اور ذمہ دار قیادت کا مظاہرہ کیا اور نگران وزیر اعلی کی حیثیت سے صوبے میں شفاف انتخابات کے انعقاد میں کلیدی کردار ادا کیا سردار نواب غوث بخش نے ہمیشہ قومی یکجہتی، شفافیت اور عوامی خدمات کو ترجیح دی اور اپنے مختصر عرصہ کے اقتدار میں صوبے میں لاء اینڈ آرڈر کو کنٹرول کرنے کا کریڈٹ بھی ان کا ہی ہے ان سے بلوچستان کے موجودہ سیاسی و سماجی صورتحال، بلوچستان کی ترقی اور حالیہ افسوس ناک واقعات سمیت ان کے ذاتی تجربات اور بلوچستان کے مستقبل کے بارے میں کی گئی گفتگو بہت اہم ہے اگر انکی تجاویزات پر عمل کر لیا جائے تو بلاشبہ بلوچستان امن کا گہوارہ بن سکتا ہے انکا کہنا ہے کہ جعفر ایکسپریس کا واقعہ ایک افسوسناک المیہ ہے جو انسانی جان کی بے توقیری کا عکس ہے یہ سانحہ ریاستی اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے یہ واقعہ بلوچستان کی ایڈمنسٹریشن کی توقع کے برعکس ہوا ہے اور کسی کی بھی سمجھ میں ہی نہیں آیا ایڈمنسٹریشن کمزور ہو تو ایسے واقعے کی توقع کرنی چاہیے ان حالات میں کسی بھی وقت کچھ بھی ہو سکتا



میری بات
روہیل اکبر
www.facebook.com/Rohailakbar
03004821200
E-mail: rohailakbar@gmail.com

ہے جو بلوچستان کے حالات مزید خراب کر سکتے ہیں بی ایل اے کو جہاں جہاں مواقع ملیں گے وہ وہاں وہاں حملے کریں گے ناکامی کی پروا کیے بغیر وہ سمجھتے ہیں وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں یا نہ ہوں ان واقعات کی گونج دور تک تو جائے گی اس وقت بلوچستان میں عوامی حکومت نہیں ہے اس لیے ایڈمنسٹریشن کو الرٹ رہنا چاہیے جہاں جہاں انتظامی کمزوری ہے وہاں وہاں کی سیکورٹی کو مضبوط کریں ایڈمنسٹریشن کمزوری کی وجہ سے اس سانحہ میں ہمارے جوان اور غریب عوام بھی شہید ہوئے ہمیں سیکیورٹی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہوگا جبکہ قبائل سوسائٹی کے بارے میں تاثر یہی ہے کہ یہ سو سال گزرنے کے بعد بھی بدلہ لیتے ہیں۔ اصل میں بلوچستان میں ایڈمنسٹریٹو سیاسی پرابلم ہے اس کو حل کیا جا سکتا ہے اگر ان کے پاس وزڈم نہیں تو ہم سے پوچھیں یا کسی اور سے خان آف قلات لندن میں ہیں ان سے رابطہ کریں خان آف قلات کو آن بورڈ لیں اور میری خدمات بھی حاضر ہیں میں خان آف قلات سے بات کر سکتا ہوں اس کے علاوہ کوئی اور گنجائش نہیں ہے۔ اسٹیبلشمنٹ اور ایڈمنسٹریشن نیوٹرل ہو جائیں اسٹیبلشمنٹ کو بھی سمجھ نہیں آ رہی غریب مر رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ ایکشن کا ری ایکشن بہت برا آتا ہے سردار نواب غوث بخش باروزئی کا کہنا تھا کہ میری وزارت اعلی کا وقت بہت کم تھا ان دنوں تو بلوچستان کے حالات موجودہ دور سے بھی بُرے حالات تھے ایک نازک وقت تھا بطور نگران وزیر اعلی میری کوشش یہ رہی کہ شفاف اور منصفانہ انتخابات کو یقینی بنایا جائے مجھ سے کہا گیا کہ فیئرز میں الیکشن کرواتے ہیں میں نے کہا نہیں پورے بلوچستان میں ایک ہی فیئر میں الیکشن کراوں گا جو میں نے کامیابی سے کروائے اس وقت موجودہ وزیر اعظم میاں شہباز شریف حکمران خاندان سے ہیں انہوں نے اقتدار کی ہر کرسی پر بیٹھ کر حکمرانی کی ہے ہر چیز کے بارے میں جانتے ہیں اپنا سیاسی وزڈم یعنی حکمت عملی دکھائیں۔ will power کی ضرورت ہے۔ بٹن آن آف کرنے کی ضرورت ہے اور کچھ بھی نہیں ہے ہم باہر بیٹھے ہیں ہم سے کوئی پوچھتا نہیں ہے۔ میں نے بھی حکومت کی ہے مجھے منسٹرز بھی نہیں دیئے تھے پھر بھی پُرامن ماحول میں الیکشن ہو گئے۔ میں بدنیت ہوتا تو معاملات ٹھیک نہ ہوتے۔ الیکشن اچھے طریقے سے ہو گئے کیونکہ میری نیت ٹھیک تھی۔ بی ایل اے کی آزاد بلوچستان کی خواہش پر پوچھے گئے سوال پر نواب صاحب کا کہنا تھا کہ ان کو آزاد بلوچستان کیوں چاہیے پہلے تو نہیں چاہیے تھا جب پاکستان بنا تو سارے کا سارا بلوچستان پاکستان میں آ گیا خان آف قلات نے 1948ء میں اپنی ریاست کو پاکستان میں ضم کیا خان آف قلات میرا رشتے دار بھی ہے اصل سٹیک ہولڈر خان آف قلات ہیں خان صاحب سے سب کچھ چھن گیا وہ تمام بلوچوں کے بڑے نواب ہیں ان سے تو بات کریں کہ خان صاحب واپس آ جائیں میں بھی ان کو کہتا ہوں سب کو ساتھ لے کر چلیں اس وقت بلوچستان کے مسئلے کا حل ایک ہی ہے تمام سیاسی پارٹیاں اور بلوچ سب ایک ہو جائیں اور خان آف قلات کو واپس لائیں اگر بلوچ کی پسماندگی کا کوئی مسئلہ ہے تو وہ حل ہو جائے گا میں نے 28 مئی 2013 کو ایوان اقبال میں میاں نواز شریف سے کہا تھا کہ ڈاکٹر مالک کو وزیر اعلی بلوچستان بنائیں آپ کی پارٹی کے جیتے ہوئے ایم پی اے کی تعداد زیادہ ہے میاں نواز شریف نے کسی سے پوچھا کہ نواب غوث بخش کیا بات کہہ رہا تھا تو مجید نظامی نے کہا بہت زبردست بات کر رہا تھا میاں صاحب میری بات مان لیتے تو آج بلوچستان کے حالات بہت بہتر ہوتے مگر ان کو میرا مشورہ پسند نہیں آیا اور انہوں نے اس بارے میں سوچا بھی نہیں زمین کے حساب سے آدھے سے زیادہ حصے کے ہم مالک ہیں میں نے میاں نواز شریف سے کہا رقبے کے لحاظ سے بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جبکہ پنجاب آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے۔ آپ دیکھیں لیں کہ آپ بلوچستان کو کیا دے سکتے ہیں موٹر وے بن رہا تھا بلوچستان میں بھی ہائی وے بنانا شروع کر دیتے بلوچستان میں اچھی ایجوکیشن کی ضرورت ہے جب میرے والد چیف منسٹر تھے انہوں نے بلوچ نوجوانوں سے کہا تھا کہ اگر آپ کا استحصال ہو رہا ہے تو تعلیم حاصل کرو، اعلی تعلیم حاصل کرو اور ان کی جگہ آ جاو لیکن بلوچستان میں ایجوکیشن کا کوئی ادارہ ایسا نہیں ہے کہ ہم کہیں کہ ہم نے اپنے بچوں کو اچھی تعلیم دلوانی ہے یہی وجہ ہے کہ بلوچستان پیچھے رہ گیا ہے بلوچستان کے پاس وسائل ہیں مگر ترقی نہیں کر پاتے اب بھی بلوچستان دو سال میں ترقی کر سکتا ہے اگر چائنہ والی سپیڈ لیں 2012ء میں شہباز شریف چیف منسٹر تھے تو میں نے ان کو جنوری 2012 میں کہا کہ آپ نے یہاں ہائی وے اور موٹر وے بنائی ہے۔ بلوچستان میں ایسی ہائی وے بنا دیتے تو ہم خوش ہوتے عوام کو خوش رکھنا کوئی مسئلہ نہیں ہے



ایک ماں کا اقبال

آگ کے کھیل میں کی بچے کتنے چیختے تھے
خوب بھاتے تھے
شب برا تیں ہی شب برا تیں تھیں
جب پٹاخوں سے پھول جھڑیوں سے
اٹھنے والا ہر اک شرر تازہ
نونہالان شہر کی آنکھیں بقعہ نور کر دیتا
ایسے لگتا تھا جیسے آنکھوں میں
جگنوؤں کی قطار اتری ہو
رنگ اور نور کی تتلیں برساتیں
گیت تازہ ہوا سناتی تھی
لہلہاتے ت

قوت

SPORTS

آئی پی ایل، 14 سالہ کھلاڑی نے یوسف پٹھان کا 15 سال پرانا ریکارڈ بھی توڑ دیا

210 رنز کے پہاڑ جیسے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے وائبھو نے صرف 35 گیندوں پر تیز ترین سنچری داغ دی

سوریا ونشی نے محض 17 گیندوں پر 50 رنز مکمل کر کے آئی پی ایل 2025ء میں تیز ترین نصف سنچری کا اعزاز بھی اپنے نام کیا تھا

نئی دہلی (نیوز ڈیسک) وائبھو سوریا ونشی نے 14 سال کی عمر میں آئی پی ایل 2025ء میں تاریخ رقم کردی، برق رفتار سنچری بنا کر ریکارڈ بک میں اپنا نام درج کروا دیا، آئی پی ایل 2025ء کے ایک تاریخی مقابلے میں راجستھان رائلز کے کم عمر ترین کھلاڑی وائبھو سوریا ونشی نے کرکٹ کی دنیا میں تہلکہ مچادیا۔ صرف 14 سال کی عمر میں نوجوان کھلاڑی نے بلاشبہ بھارتی کھلاڑی کی تیز ترین سنچری بنا کر نہ صرف آئی پی ایل بلکہ کسی بھی بھارتی کی جانب سے تیز ترین ٹی ٹوئنٹی سنچری کا ریکارڈ قائم کردیا۔ گجرات ٹائٹنز کے خلاف 210 رنز کے پہاڑ جیسے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے وائبھو نے صرف 35 گیندوں پر سنچری داغ دی جو آئی پی ایل کی تاریخ میں کسی بھی بھارتی کھلاڑی کی جانب سے تیز ترین ہٹ لیگ کی تاریخ کی دوسری تیز ترین سنچری ہے۔ واضح رہے کہ آئی پی ایل کی تاریخ میں تیز ترین سنچری کا ریکارڈ کرس گیل کا ہے۔ یونیورس باس نے 2013ء میں رائل چیلنجرز بنگلور کی جانب سے کھیلتے ہوئے پونے وارئیرز کے خلاف صرف 30 گیندوں پر سنچری بنائی تھی۔ سوریا ونشی نے لاہور بھارتی کھلاڑی یوسف پٹھان کا ریکارڈ توڑا، یوسف نے 2010ء کے ایڈیشن میں راجستھان رائلز کی جانب سے کھیلتے ہوئے ممبئی انڈینز کے خلاف 37 گیندوں پر سنچری بنائی تھی۔ تاہم گزشتہ روز ہونے والے میچ میں سوریا ونشی کی طوفانی بیٹنگ کی بدولت راجستھان رائلز نے صرف 15.5 اوورز میں 210 رنز کا ہدف مجموعی طور پر 7 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرکے میچ جیت لیا۔ ان کے ساتھ یشسوی جیسوال نے بھی شاندار 70 رنز کی اننگز 4 گیندوں پر کھیل کر ٹیم کو کامیابی سے ہمکنار کروایا تھا۔ یہی نہیں بلکہ سوریا ونشی نے محض 17 گیندوں پر 50 رنز مکمل کر کے آئی پی ایل 2025ء میں تیز ترین نصف سنچری کا اعزاز بھی اپنے نام کیا تھا۔ اس سے قبل گجرات ٹائٹنز کی طرف سے شبمن گل نے 84 رنز کی عمدہ اننگز کھیل جبکہ جوز بٹلر نے 26 گیندوں پر نصف سنچری مکمل کی، جس کی بدولت گجرات نے 20 اوورز میں 4 وکٹوں پر 209 رنز کا مضبوط اسکور کھڑا کیا تھا۔



اس تصویر میں انگلینڈ کے بلے باز جوفرا آرچر آئی پی ایل میں پنجاب کنگز کی جانب سے سنچری اسکور کرنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے) اے ایف پی(



راجستھان رائلز کے وائبھو سوریا ونشی آئی پی ایل سنچری بنانے والے کم عمر ترین کھلاڑی بننے کے بعد جشن منا رہے ہیں) رائٹرز(اچھیجے اڈیٹ)

سارا انڈلکر سے بریک اَپ پر شبمن گل نے خاموشی توڑ دی

مجھے مختلف لوگوں کے ساتھ جوڑنے کیلئے بہت سی قیاس آرائیاں اور افواہیں پھیلائی جارہی ہیں، بہت مضحکہ خیز لگتا ہے

نئی دہلی (پی ایم این) بھارتی کرکٹر شبمن گل نے اپنی زندگی میں نہ کبھی دیکھا ہوتا ہے اور نہ ہی میں ان سے ملا ہوتا ہوں۔ شبمن گل نے بتایا ہے کہ میں بچپن میں ہاکی اور فٹ بال کھیلتا تھا لیکن بعد میں، میں نے کھانے سے محبت کرنا تھا لیکن بعد میں، میں نے پڑھا لکھا ہونے کا بھی بہت دکھاوا کیا، میں نے کبھی بھی ہاکی یا فٹ بال نہیں کھیلا، میں نے کبھی کرکٹ کے علاوہ کچھ نہیں کھیلا، میں نے کبھی کچھ اور نہیں کیا، میں نے کبھی کچھ اور نہیں کیا، میں نے کبھی کچھ اور نہیں کی

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج سمن آباد میں منشیات کے مضر اثرات سے متعلق سیمینار کا انعقاد

سیمینار میں پروفیسر ڈاکٹر امتیاز احمد ڈوگر مہمان خصوصی تھے۔ کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد عالم، جنرل سیکرٹری انجمن انسداد منشیات آمنہ اکرم نے شرکت کی



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) گورنمنٹ گریجوایٹ کالج سمن آباد میں منشیات کے مضر اثرات اور اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے طریقوں کے حوالے سے سیمینار منعقد کیا گیا۔ ''ڈرگ ایوریس اینڈ مینٹل ہیلتھ'' کے عنوان سے منعقدہ اس سیمینار میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ سیمینار میں پروفیسر ڈاکٹر امتیاز احمد ڈوگر مہمان خصوصی تھے۔ کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد عالم، جنرل سیکرٹری انجمن انسداد منشیات آمنہ اکرم، پروفیسر ریاض احمد قادری، پروفیسر ڈاکٹر شہباز ڈار، پروفیسر محمد طاہر اشرف اور پروفیسر رائے خضر حیات بھی موجود تھے۔ پروفیسر ڈاکٹر امتیاز احمد ڈوگر نے کہا کہ منشیات کے خلاف سیمینار کا انعقاد مثبت قدم ہے جس کا مقصد نوجوانوں کو منشیات کے تباہ کن اثرات سے محفوظ رکھنا اور انہیں صحت مند زندگی گزارنے کی ترغیب دینا ہے۔ کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محمد عالم نے نوجوان نسل کو منشیات کے ناسور سے بچانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کا یہ فرض ہے کہ وہ طلباء کو اس لعنت کے خلاف شعور و آگاہی فراہم کریں تاکہ وہ ایک صحت مند اور کارآمد شہری بن سکیں۔ انجمن انسداد منشیات الائیڈ ٹو (ڈی ایچ کیو) ہسپتال کی جنرل سیکرٹری آمنہ اکرم نے منشیات کے عادی افراد کی بحالی کے حوالے سے اپنی تنظیم کی کاوشوں کا ذکر کیا اور اس بات پر زور دیا کہ معاشرے کے تمام طبقات کو اس مسئلے کے حل کے لئے مل کر کام کرنا ہوگا۔ ویلفیئر ٹرسٹ کے عابد علی اور محمد افضل عابد نے بھی اس سیمینار میں اپنی تجاویز پیش کیں۔ سیمینار میں اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے جوانوں کی خصوصی شرکت نے منشیات کے خلاف جنگ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے منشیات کی سمگلنگ اور اس کے استعمال کی روک تھام کیلئے کئے جانے والے اقدامات سے شرکاء کو آگاہ کیا۔

ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات نے سپیشل ایجوکیشن سکول کا دورہ کیا

ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ لائبریری کو تمام ضروری سہولیات مہیا کی جائیں



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات نے سپیشل ایجوکیشن سکول کا دورہ کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان شریف قیصرانی بھی ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے تدریسی عمل، صفائی اور روشنی کے انتظامات کا بغور جائزہ لیا۔ ضلعی انتظامیہ ہر ممکن معاونت و سرپرستی جاری رکھے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا اچانک دورہ کیا اور طبی سہولیات کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ایمرجنسی اور او پی ڈی میں دی جانے والی طبی سہولیات کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اقبال لائبریری کا بھی معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ لائبریری کو تمام ضروری سہولیات مہیا کی جائیں۔

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے اداروں کی کارکردگی کو جانچنے کے لئے اچانک معائنہ کر رہی ہیں

اس ضمن میں انہوں نے چکوال شہر میں سپیشل ایجوکیشن سکول کا معائنہ کیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے اداروں کی کارکردگی کو جانچنے کے لئے اچانک معائنہ کر رہی ہیں۔ اس ضمن میں انہوں نے چکوال شہر میں سپیشل ایجوکیشن سکول کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان شریف قیصرانی بھی ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کلاس رومز میں جا کر تدریسی عمل، صفائی اور روشنی کے انتظامات کا بغور جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے طلباء سے مختلف نصابی سوالات بھی پوچھے۔ انہوں نے سکول انتظامیہ کو تاکید کی کہ تدریسی سرگرمیوں میں بچوں کو بیک سکلز میں راہنمائی کی فراہمی پر بھی یکساں توجہ مرکوز رکھی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر کہا کہ یہ بچے ہمارے لئے سپیشل ہیں صنکی انتظامیہ ان کی ہر ممکن معاونت و سرپرستی جاری رکھے گی۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا بھی معائنہ کرتے ہوئے ایمرجنسی اور او پی ڈی میں علاج معالجہ کے لئے دی جانے والی طبی سہولیات اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال میں صفائی کے بہترین انتظامات یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ہیلتھ کیئر کمشنر کی کارکردگی کا عمدہ معیار برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے میونسپل کمیٹی باغ اور اقبال لائبریری کا معائنہ کرتے ہوئے سی او میونسپل کمیٹی چکوال کو ہدایت کی کہ کمیٹی باغ کی اصلاح و بہتری سمیت عمدہ تفریحی سہولیات صاف ستھرے ماحول میں برقرار رکھی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اقبال لائبریری اہم اثاثہ ہے اس کی حفاظت و بہتری پر توجہ دی جائے اور لائبریری کے مطالعاتی ماحول کے لئے درکار ضروریات فراہم کی جائیں

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کا اچانک ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال کا دورہ

او پی ڈی سمیت مختلف وارڈز میں گئے اور ڈاکٹرز کی ڈیوٹی پر موجودگی کو چیک کیا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے اچانک ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال کا دورہ کیا۔ وہ او پی ڈی سمیت مختلف وارڈز میں گئے اور ڈاکٹرز کی ڈیوٹی پر موجودگی کو چیک کیا جبکہ ڈاکٹرز کی طرف سے مریضوں کو علاج معالجہ کی جاری سہولیات کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں تمام ڈاکٹرز و پیرا میڈیکس سٹاف کی حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کی ایمرجنسی، او پی ڈی، لیبارٹری، ایکسرے، ادویات کی فراہمی، ڈائیلاسز یونٹ، ایمرجنسی وارڈ، زچہ و بچہ وارڈ، آپریشن تھیٹر، بلڈ بینک

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) جمعرات یکم مئی 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ 1

پاکستان آئندہ ڈیجیٹل میڈیم میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کرے گا، انہوں نے کہا کہ پاکستان کا سب سے بڑا اثاثہ ہماری نوجوان افرادی قوت ہے جسے ہم تیزی سے ڈیجیٹل بنا رہے ہیں کیونکہ ہمارے ایوسن ٹیکنالوجیز میں شامل ہے۔ حکومت کی کاروبار دوست پالیسیاں اور سرمایہ کاری کی راہ میں حائل رکاوٹوں کے خاتمہ کے سبب انٹرنیٹ کی رسائی 2 سال میں 40 فیصد سے بڑھ کر 75 فیصد ہوگئی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نوجوانوں کے لیے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری کے ذریعے منصوبے کر آگے بڑھنے کا بہترین موقع ہے، جو نوجوان افراد قوت کو اپنی توانائیوں کو مثبت سمت میں بروئے کار لانے اور عزت نفس کو فروغ دینے کے مواقع فراہم کرے گی، انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے نہ صرف ملک کی معیشت میں بہتری آئے گی بلکہ ہر شہری کو بااختیار بنانے میں بھی مدد ملے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعے ہی ہم ایک ایسا معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں جہاں ہر شخص کو مساوی مواقع میسر ہوں، جہاں ہر شخص کو اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کا موقع ملے

وکلا ایسوسی ایشن اور پی ایم اے کا پرامن مظاہرین پر وحشیانہ تشدد کے ذمہ داروں کے خلاف فوری کارروائی کا مطالبہ

پنجاب پولیس کا پرتشدد رویہ ڈاکٹروں، نرسوں اور پیرامیڈیکل سٹاف کے خلاف مار پیٹ اور جسمانی تشدد کی رپورٹس اور ویڈیوز انتہائی پریشان کن ہیں

لاہور (خبر نگار) وکلا ایسوسی ایشن اور پی ایم اے کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ آج کی پریس کانفرنس کا بنیادی مقصد پرامن اور عوام کے بنیادی حقوق کیلئے جدوجہد پر یقین رکھنے والے ڈاکٹروں کے خلاف پولیس کے بہیمانہ تشدد پر احتجاج کرنے والے ہیلتھ کیئر ورکرز پر پنجاب پولیس کی جانب سے کئے جانے والے وحشیانہ تشدد پر گہرے صدمے اور شدید مذمت کا اظہار کرنا تھا۔ اس احتجاج کے خلاف پولیس کی دہشت گردی اور غلامانہ کارروائیوں پر لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن اور پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کی قیادت کی طرف سے اپنا مؤقف دینے کے بارے میں ہے۔ لاہور ہائی کورٹ بار اور پی ایم اے اپنے جائز حقوق کیلئے پرامن احتجاج کرنے والے ہیلتھ کیئر ورکرز پر پنجاب پولیس کی وحشیانہ کارروائیوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، یہ بربریت کے ساتھ ساتھ انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ ایک ڈاکٹر کے خلاف ایف آئی آر کا اندراج عوام کی صحت کی خدمت کیلئے اپنی زندگیاں وقف کرنے والوں کے خلاف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)



لاہور: وکلا ایسوسی ایشن اور پی ایم اے مشترکہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان کو کسی نے ترقی دینے کا سوچا تو محمد نواز شریف نے چاہا فضل کھوکھر

ملک میں ہونے والی ترقی مزدور کی مرہون منت، مسلم لیگ (ن) کی حکومت مزدوروں کا معیار زندگی بلند کرنے کے لیے پرعزم ہے، رکن قومی اسمبلی

محنت کش اللہ کے دوست ہیں، اللہ کے دوستوں کو سلام، دین اسلام نے کسب حلال کے لیے محنت کو عظمت کا درجہ اور محنت کش کی عزت کا شعور دیا

راجہ وقار (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی ملک بھر کی طرح محنت کشوں کے حامی ہیں، مزدوروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے ملک میں ہونے والی ترقی مزدور کی محنت کی مرہون منت ہے، مسلم لیگ (ن) کی حکومت مزدوروں کا معیار زندگی بلند کرنے کے لیے پرعزم ہے

آریان کا غیر ملکی ایئر لائن سے پاکستان پہنچایا گیا تابوت خالی نکلا

ایئر لائن عملے کی غفلت، بھارت میں انتقال کرنے والے پاکستانی فوجدان کی میت وطن واپس نا پہنچ سکی

کراچی (این این آئی) دوران ملازمت بھارت میں انتقال کر جانے والے آریان شاہ کی میت غیر ملکی ایئر لائن کے عملے کی غفلت کے باعث کراچی نہ پہنچائی جاسکی۔ بھارت میں دوران ملازمت انتقال کر جانے والے فوجدان کے اکلوتے بیٹے آریان کا غیر ملکی ایئر لائن سے پاکستان پہنچایا گیا تابوت خالی نکلا ہے۔ حکام کا بتانا ہے کہ غیر ملکی عملے کی غفلت کے باعث آریان کی میت بھی واپس نہ آسکی، شہید کے اہلخانہ نے بھارت میں موجود پاکستانی سفارتخانے سے رابطہ کیا تاہم کوئی تعاون نہ ملا۔ ایئر لائن کے عملے کی غفلت کے باعث آریان کی میت بھی واپس نہ آسکی، شہید کے اہلخانہ نے بھارت میں موجود پاکستانی سفارتخانے سے رابطہ کیا تاہم کوئی تعاون نہ ملا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)



گجرات: خاتون مجسٹریٹ پنجاب منیجمنٹ سروس کی افسر شبیہ چیمہ کا ہسپتال میں ڈپٹی کمشنر ضرغام حسین ورک سے ملاقات کر رہی ہیں

محبت کشوں کو بااختیار بنانا پاکستان کو بااختیار بنانا ہے، صدر یو ایم ٹی

محنت کش ہمارے معاشرے کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کے حقوق کا تحفظ، فلاح و بہبود اور خدمات کا اعتراف ہماری قومی ترجیح ہونی چاہیے

ایک قوم اسی وقت ترقی کر سکتی ہے جب اُس کی افرادی قوت مضبوط، ہنر مند اور محنتی ہو، محنت کشوں کو بااختیار بنانا دراصل پاکستان کو بااختیار بنانا ہے، سابق وزیر



صدر یو ایم ٹی ابرار احسن مراد

ہوئے ابرار احسن مراد نے کہا کہ یوم مزدور ہمیں محنت کشوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جن کی بنیاد پر ہر کامیاب معاشرہ قائم ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک قوم اسی وقت ترقی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

ملک کے مختلف حصوں 4 مئی تک بارشوں کا امکان

2 سے 5 مئی کے دوران جنوبی پنجاب اور بلوچستان کے بعض علاقوں میں بارش ہوسکتی، محکمہ موسمیات

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے مختلف علاقوں میں بارش کا امکان ہے، محکمہ موسمیات کے مطابق یکم مئی سے 4 مئی کے دوران اسلام آباد، مری، گلیات، بالائی پنجاب، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور کشمیر میں بارش کا امکان ہے جبکہ چند مقامات پر موسلا دھار بارش اور ژالہ باری کی بھی توقع ہے۔ اور 2 سے 5 مئی کے دوران جنوبی پنجاب اور بلوچستان کے بعض علاقوں میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

سرگودھا، انتظامیہ نے کوٹ مومن چناب بازاری بکری کو سہل توڑنے پر دوبارہ سہل کرکے مالک کے خلاف مقدمہ درج کروادیا

چناب بازاری بکری کو سہل توڑنے پر دوبارہ سہل کرکے مالک کے خلاف مقدمہ درج کروادیا جس میں پولیس کوٹ مومن فصیل شہزاد میں کی سربراہی میں انتظامیہ نے قانون شکنی کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے چناب بازاری نمکی بکری کو تجاوزات اور دیگر اقدامات و سہولیات کی عدم فراہمی پر سہل کیا جس کو گہل ازیں واچنگ جاری تھی جس پر مالکان نے شام تک کی مہلت مانگی تھی۔ تاہم مالکان نے قانون کی صریح خلاف ورزی کرتے ہوئے نکالی گئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

بے حس مافیا کی ترجیحات قومی سلامتی کی بجائے سیاسی انتقام، رانا جاوید عمر

اصل طاقت عوام ہیں جو عمران خان اور تحریک انصاف کے ساتھ کھڑے ہیں، رجیم چینج ٹی آئی

رائے وٹو (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رانا جاوید عمر نے کہا ہے کہ ایسے وقت میں جب قوم کو اتحاد کی اشد ضرورت ہے، بے حس مافیا قوم کے سب سے مقبول لیڈر کی آواز دبانے اور انہیں اپنے خاندان سے بھی ملاقات سے محروم رکھنے پر تلا ہوا ہے، ان کی ترجیحات قومی سلامتی نہیں بلکہ سیاسی انتقام اور اپنی کرسی بچانا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ عمران خان نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)



لاہور: الحمراء میں رقص کی محفل دن کے مختلف اوقات میں پرفیکٹ ریہرسل کا مظاہرہ کر رہے ہیں

مرکزی پریس کلب مانگا کی قیادت میں پاک فوج کے حق میں ریلی نکالی گئی

ریلی میں صحافی برادری، اور سول سوسائٹی کے سینکڑوں افراد نے بھرپور شرکت کی

مانگا منڈی (این این آئی) مرکزی پریس کلب مانگا کی قیادت میں پاک فوج کے حق میں ایک بڑی ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں صحافی برادری، اور سول سوسائٹی کے سینکڑوں افراد نے بھرپور شرکت کی ہے۔ ریلی ختم نبوت چوک سے کونسٹرنٹ ہیڈ کوارٹر مانگا تک نکالی گئی۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے۔ ریلی کے موقع پر شرکاء پاک فوج زندہ باد اور ہندستان مودی سرکار مردہ باد کے نعرے لگاتے رہے ریلی کے موقع پر پریس کلب مانگا منڈی صدر محمد سرفراز بھٹی، سینئر صحافی محمد الیاس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

نشہ کرنے سے منع کرنے پر شوہر کا بیوی بچوں پر چھری سے حملہ، تین افراد زخمی

پولیس حکام کے مطابق ماں اور بیٹے کی حالت تشویشناک، فرار ملزم کی گرفتاری کیلئے چھاپے

جلد ہی ملزم کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، پولیس

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے مجوٹھا پل بی بی، پنجاب میں نشے کے عادی شخص نے نشے سے منع کرنے پر اپنی بیوی، بیٹی اور بیٹے پر چھریوں سے حملہ کر دیا، پولیس کے مطابق واقعہ منگل کی شب پیش آیا جب افتخار نامی شخص نے نشے کی حالت میں اہلِ خانہ سے جھگڑے کے بعد ان پر حملہ کیا۔ حملے کے نتیجے میں مرحوم بی بی، ان کی بیٹی ماہم اور بیٹا اویس شدید زخمی ہوگئے، جنہیں فوری طور پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کیا گیا، پولیس حکام کے مطابق ماں اور بیٹے کی حالت تشویشناک ہے۔ واقعے کے بعد ملزم افتخار موقع سے فرار ہوگیا، جس کی گرفتاری کے لیے پولیس کی جانب سے مختلف مقامات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

مجھے پوپ بنایا جائے، امریکا کے صدر ٹرمپ کا ازراہ مذاق بیان

وہ چاہتے ہیں کہ انہیں ہی پوپ بنایا جائے یہ الگ اولین ترجیح ہوگی، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ازراہ مذاق کہا ہے کہ وہ چاہتے ہیں کہ پوپ فرانسس کی جگہ انہیں تعینات کیا جائے، امریکی صدر نے یہ بات اپنے اوول آفس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، صدر ٹرمپ سے پوچھا گیا تھا کہ وہ کسے پوپ دیکھنا چاہتے ہیں، جس پر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ انہیں ہی پوپ بنایا جائے یہ الگ اولین ترجیح ہوگی۔ ڈونلڈ ٹرمپ بعد میں بولے کہ انکی کوئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

ملک کو مضبوط اتحادی ضرورت ہے، حکمران ظلم بند کریں، مسرت جمشید

عمران خان نے جیل کی سلاخوں کے پیچھے سے بھی ملک و قوم کے اتحاد اور بھارت کے عزم کا اعادہ کیا ہے

عمران خان ملک کے سب سے مقبول لیڈر، جھوٹے مقدمات ختم کر کے باعزت رہائی دی جائے، سینیٹر رحمٰن بابا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینیٹر رخسانہ جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ موجودہ نازک حالات میں ملک کو مضبوط اتحاد کی ضرورت ہے اس لئے حکمران پی ٹی آئی کے خلاف انصافی اور جرگا سلسلہ ختم کر دیں، پاکستان تحریک انصاف کے سب سے مقبول لیڈر ہیں ان پر قائم جھوٹے مقدمات ختم کر کے انہیں باعزت رہائی دی جائے۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے جیل کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)



لاہور: محبت کش گرمی کے موسم میں لو کا بھگتان کر رہا ہے، آج جمعرات مزدوروں کا عالمی دن منایا جا رہا ہے

پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ ہوئی تو مکمل تباہی ہوگی، ناصر جنجوعہ

بھارت اپنی ناکامی پاکستان پر ڈالنے کے بجائے دعاداروں کو کٹہرے میں لائے

اسلام آباد (این این آئی) قومی سلامتی کے سابق مشیر لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ ناصر جنجوعہ کا کہنا ہے روایتی جنگ کا دروازہ بند ہو چکا ہے اور اگر دنیا نے ایٹمی جنگ کا راستہ نہ روکا تو یہ پوری انسانیت کو تباہ کر دے گی۔ ٹی ڈی ای کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے قومی سلامتی کے سابق مشیر لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ ناصر جنجوعہ کا کہنا تھا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ کا دروازہ بند ہو چکا ہے اور اگر دنیا نے ایٹمی جنگ کا راستہ نہ روکا تو یہ پوری انسانیت کو تباہ کر دے گی۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

سچائی اور دیانت اسلامی تجارت کی بنیاد ہیں، صاحبزادہ نعمان شاکر

اسلام تجارت کو حرّیت کا ذریعہ سمجھتا ہے، مگر اس میں جھوٹ، دھوکہ اور حرام ذرائع کو سختی سے منع کرتا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان سٹی تحریک لاہور ڈویژن کے اڈیشنل جنرل سیکرٹری صاحبزادہ نعمان شاکر نے کہا ہے اسلام تجارت کو حرّیت کا ذریعہ سمجھتا ہے، مگر اس میں جھوٹ، دھوکہ اور حرام ذرائع کو سختی سے منع کرتا ہے، اللہ کے محبوب کا فرمان ہے سچائی اور امانت دار تاجر قیامت کے دن انبیاء صدیقین اور شہداء کے ساتھ ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شیخ فرید یونیورسٹی میں منعقدہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

بلوچستان سے کراچی آنیوالی خالی بس سے اسمگل شدہ موبائل فونز برآمد

بس کے فرش، چھت اور سائڈ وال کے خفیہ خانوں میں چھپائے گئے 351 سمارٹ فونز برآمد ہوئے

کراچی (این این آئی) پاکستان کسٹمز نے انسداد اسمگلنگ مہم کے تحت کارروائی کرتے ہوئے بلوچستان سے کراچی آنے والی خالی بس سے اسمگل شدہ موبائل فونز کی بڑی مقدار برآمد کرلی۔ ڈپٹی کلکٹر ریونیو کی ترجمان کے مطابق انٹیلی جنس اطلاع پر کسٹمز انسداد اسمگلنگ کی ٹیم نے کوئٹہ سے کراچی آنے والی خالی بس کو روکا، بس کے فرش، چھت اور سائڈ وال کے خفیہ خانوں میں چھپائے گئے 351 سمارٹ فونز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

مظفرآباد: انٹیلی جنس ایجنسیز پشاور کے وفد کی جامعہ کشمیر آمد، سینڈیکیٹ کورس کے سربراہ کو پودہ فیصل ڈاکٹر ناصر عقیل بلوگامی شیلڈ دے رہی ہیں

لاہور: گھروں میں کام کے بہانے چوریاں کرنیوالے خواتین گینگ کی سرغنہ گرفتار

لاہور (این این آئی) پنجاب کے دارالحکومت لاہور میں پولیس نے خواتین چور گینگ کی سرغنہ کو گرفتار کرکے کروڑوں روپے مالیت کے زیورات اور موبائل فون برآمد کرلیے۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ اقبال ٹاؤن ایسٹ پولیس کینٹ پولیس نے پیشہ ور خواتین کو گرفتار کیا، اور ملزمہ کی نشاندہی پر ایک کروڑ روپے مالیت کے 40 تولہ سونا، موبائل فونز اور دیگر مختلف اشیا برآمد کرلیں۔ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس پی) انویسٹی گیشن اقبال ٹاؤن نے بتایا کہ ملزمہ اور ساتھی خواتین گھروں میں کام کاج کے بہانے داخل ہوتی تھیں، اور گھر والوں کی غیر موجودگی یا موقع ملتے ہی گھر کا صفایا کرکے فرار ہو جاتی تھیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

شیخوپورہ؛ ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ، سانگرہ سے واپس آنیوالے 2 بھائی جاں بحق

شیخوپورہ (این این آئی) پنجاب کے ضلع شیخوپورہ میں ڈکیتی مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے 2 بھائی جاں بحق ہوگئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق شیخوپورہ میں جھاکے کے قریب ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں 2 بھائی جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق دونوں بھائی اپنے چچیری کی سانگرہ سے واپس آرہے تھے۔ پولیس نے ڈکیتی واردات کے دوران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

جدید زرعی ٹیکنالوجی کو عام کاشتکار تک پہنچانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے

ڈاکٹر زاہد القریشی

لاہور (این این آئی) جدید زرعی ٹیکنالوجی کو عام کاشتکار تک پہنچانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے جس سے نہ صرف پیداوار میں اضافہ ہوگا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ قدرتی وسائل کا بھی بہتر استعمال ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر زاہد القریشی نے یونیورسٹی کے آف کیمپس ٹیوب ویل ٹریننگ سنٹر پیر کوٹ کے دورے کے موقع پر کیا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

محنت کش بدترین معاشی مشکلات کا شکار ہیں، جے یو آئی

مزدور دوحدت کی روٹی کو ترس رہے ہیں، حکمران اپنی عیاشیوں کے لیے عوام پر ٹیکس پر ٹیکس لگا رہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علماء اسلام (ف) ملک مولانا فضل الرحمٰن، جنرل سیکرٹری حافظ حمد اللہ، صوبائی امیر مولانا عبدالرؤف مینگل، سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لاڑکانہ ڈویژن مولانا محمد ہاشم تنہائی ایڈووکیٹ، صدر لاڑکانہ ڈویژن مینی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ محنت کش ہر دور میں بدترین معاشی مشکلات کا شکار ہیں مزدور دو وقت کی روٹی کو ترس رہے ہیں، حکمران اپنی عیاشیوں کے لیے عوام پر ٹیکس پر ٹیکس لگا رہے، ایسے پر کام کرنیوالے افراد کے ساتھ مساوی سلوک کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مزدوروں کا عالمی دن محنت کی عظمت اور قربانی کا اعتراف ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

عالمی برادری خطے میں کشیدگی کو ہوا دینے کے بھارتی اقدام کا نوٹس لے، خام حسین

بھارت کے کسی بھی طرح کی مہم جوئی کی تو اس کا منہ توڑ جواب دیا جائیگا، ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز

لاہور (این این آئی) فاؤنڈر گروپ کے سرکم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر اوپن اور چیئرمین آرگ کامرس خام حسین نے کہا ہے کہ بھارت سوچ سمجھ کے منصوبے کے تحت خطے میں کشیدگی کو ہوا دے رہا ہے، جس کا عالمی برادری کو فی الفور نوٹس لینا چاہیے، پاکستان کی افواج ملک کا دفاع کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

8 بڑی پولٹری ہیچریوں کو کارٹل بنانے پر 15 کروڑ روپے جرمانہ

فی بچھاتے چوزے کی قیمت میں 346 فیصد تک اضافہ کیا گیا، جس سے چکن مہنگا ہوا، مسابقتی کمیشن

اسلام آباد (این این آئی) کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان نے چوزوں کی قیمتوں میں کوجز اور مصنوعی اضافے پر پردی کارروائی کرتے ہوئے 8 بڑی پولٹری ہیچریوں کو کارٹل بنانے پر 15 کروڑ روپے جرمانہ عائد کردیا۔ کمپیٹیشن کمیشن کے مطابق ملزمہ کمپنیوں نے چوزوں کی قیمت میں 346 فیصد تک اضافہ کیا گیا جس کے باعث براہ راست چکن کی قیمت میں اضافہ ہوا۔ تحقیقات کے دوران یہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

چین کے ریسٹورنٹ میں خوفناک آگ بھڑک اٹھی، 22 افراد ہلاک

ہولناک واقعہ شہر لیانگ میں واقع ایک ریسٹورنٹ میں پیش آیا، آگ کے شعلوں نے تین منزلہ عمارت کو اپنی لپیٹ میں لے لیا

فائر بریگیڈ کے عملے نے 4 گھنٹوں کی مشقت کے بعد آگ پر قابو پالیا، زیادہ تر ہلاکتیں دم گھٹنے کے باعث ہوئیں، صدر کا تحقیقات کا حکم

بیجنگ (این این آئی) چین کے ایک معروف ریسٹورنٹ میں ہولناک آگ لگنے سے 22 افراد ہلاک ہوگئے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ ہولناک واقعہ چین کے شمال مشرقی شہر لیانگ میں پیش آیا۔ آگ کے شعلوں نے دیکھتے ہی دیکھتے تین منزلہ عمارت کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ آسمان پر چھائی کالی گھٹا جیسا منظر پیش کر رہا تھا۔ فائر بریگیڈ کے عملے نے 4 گھنٹوں کی مشقت کے بعد آگ پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)



اسلام آباد: صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری بین الاقوامی خبر رساں ادارے رائٹرز کو انٹرویو دے رہے ہیں

پاکستان میں اس ہفتے گرمی کا عالمی ریکارڈ بن سکتا ہے، واشنگٹن پوسٹ

رواں ہفتے جنوبی ایشیا میں گرمی 50 ڈگری کے عالمی ریکارڈ کو چھو سکتی ہے، امریکی اخبار کی رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) پاکستان میں رواں ہفتے گرمی کا عالمی ریکارڈ ٹوٹ سکتا ہے۔ امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ نے خبردار کیا ہے کہ رواں ہفتے جنوبی ایشیا میں درجہ حرارت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

گرمی 50 ڈگری کے عالمی ریکارڈ کو چھو سکتی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے وسطی اور جنوبی علاقوں میں

پہلگام حملہ بھارت کی انٹیلی جنس ناکامی ہے، مجیم سیٹھی

بھارتی حکومت کو پہلگام حملے کی عالمی جانچ کروانی چاہیے تاکہ حقائق سامنے آسکیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کے معروف صحافی اور تجزیہ نگار مجیم سیٹھی نے بھارتی حکومت کی جانب سے مسترد کرتے ہوئے اسے بھارتی انٹیلی جنس کی ناکامی قرار دیا ہے۔ بھارتی صحافی کرن تھاپر کو انٹرویو دیتے ہوئے مجیم سیٹھی نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)



ڈپٹی کمشنر یاسین: وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی علاقائی دفتر کا افتتاح کرنے کے بعد وعدہ مانگ رہے ہیں

غزہ میں حماس کے تین نمایاں عہدیدار مارے گئے ہیں، اسرائیلی فوج

اسرائیلی افواج محصور غزہ کی پٹی میں اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہے، ترجمان

غزہ کی پٹی میں اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہیں۔ صیہونی فوج کے ترجمان نے ایکس پر کہا کہ ہم سات اکتوبر کے حملے میں ملوث حماس رہنماؤں کا پیچھا کر رہے ہیں اور ان میں سے مزید تین کو مار دیا ہے۔ انہوں نے تازہ ترین کی تصویروں کے ساتھ بھی اشاعت منسلک کی۔ ان میں نضال حسنی العطیر المعروف ابو عبیدہ کو مار دیا ہے۔ اسرائیلی فوج کے ترجمان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

عالمی یوم مزدور کے موقع پر مزدوروں کے لیے اہم خبر

اسرائیلی افواج محصور غزہ کی پٹی میں اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہے، ترجمان

حل ابیب (این این آئی) اسرائیلی عہدیدار اور اسرائیلی افواج کے ترجمان نے کہا ہے کہ اسرائیلی افواج محصور غزہ کی پٹی میں اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہیں۔ صیہونی فوج کے ترجمان نے ایکس پر کہا کہ ہم سات اکتوبر کے حملے میں ملوث حماس رہنماؤں کا پیچھا کر رہے ہیں اور ان میں سے مزید تین کو مار دیا ہے۔ انہوں نے تازہ ترین کی تصویروں کے ساتھ بھی اشاعت منسلک کی۔ ان میں نضال حسنی العطیر المعروف ابو عبیدہ کو مار دیا ہے۔ اسرائیلی فوج کے ترجمان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

عالمی مزدوروں کے عالمی دن پر بھی مزدور اپنی مزدوری کرنے پر مجبور

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
منیجنگ ایڈیٹر	صوفی اقبال چوہدری
سینئر کمپوزر ایڈیٹر	ڈاکٹر فرحان محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہزاد میاں
لیگل ایڈوائزر	بیرسٹر شیخ ابوبکر صدیق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر حسن اقبال نے تجارت پریس سے چھپوا کر 14 ایبک روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ایسین کمپلیکس 8 ایبک روڈ لاہور